بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

”اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنادیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا“

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مِصباحُ القرآن

تبٰرَكَ الَّذِىْ 29

پروفیسر عبدالرّحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیتُ القرآن

لاہور - پاکستان

0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بیت القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں
(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مصباح القرآن

تَبٰرَكَ الَّذِىْ 29

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبدالرحمٰن اطہر
فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات
سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT
لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت
فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان
فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور
رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول .... جون 2023
ناشر .... بیت القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان
پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی بی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ "بیت القرآن" درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیر نظر ترجمہ "مصباح القرآن" تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ "بیت القرآن" نصاب سازی کیلیے "پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ" میں بطور "Book Developer" رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمدللہ۔ 2001ء سے تا حال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری و ساری ہے، اللہ کی توفیق سے "مصباح القرآن" کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بیت القرآن

1-C سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور
موبائل: 0092-321-8844845
آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115
ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دارالسلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دارالسلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چنگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ (لانگ کورس) اور ”معلم القرآن“ (شارٹ کورس) میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ”مفتاح القرآن“ اور ”معلم القرآن“ کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

2 بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

اٰیَاتُهَا:30 | 67 سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ 77 | رُكُوْعَاتُهَا:2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تَبٰرَكَ [1][2]	الَّذِیْ	بِيَدِهِ [3]	الْمُلْكُ	وَهُوَ
بہت برکت والا ہے	(وہ) جو	اس کے ہاتھ میں	بادشاہی (ہے)	اور وہ
عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ	قَدِیْرُ ۙ (1)	الَّذِیْ	خَلَقَ	الْمَوْتَ [4]
ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا (ہے)	جس نے	پیدا کیا	موت (کو)
وَ	الْحَیٰوةَ	لِیَبْلُوَكُمْ [5]	اَیُّكُمْ	اَحْسَنُ [6]
اور	زندگی کو	تاکہ وہ آزمائے تمہیں	تم میں سے کون	زیادہ اچھا ہے
عَمَلًا ؕ	وَ	هُوَ الْعَزِیْزُ [7]	الْغَفُوْرُ ۙ (2)	الَّذِیْ
عمل (میں)	اور	وہی بہت غالب	خوب بخشنے والا (ہے)	جس نے

خَلَقَ	سَبْعَ [4]	سَمٰوٰتٍ	طِبَاقًا ؕ	مَا	تَرٰى
پیدا کیا	سات	آسمانوں کو	اُوپر تلے	نہیں	تو دیکھے گا

فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ	مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ [8][9]	فَارْجِعِ [10]	الْبَصَرَ ۙ [4]
رحمٰن کے پیدا کیے ہوئے میں	کوئی فرق (کمی بیشی)	پس تو لوٹا	نگاہ کو

هَلْ	تَرٰى	مِنْ فُطُوْرٍ [8][9] (3)	ثُمَّ	ارْجِعِ [10]	الْبَصَرَ [4]
کیا	تو دیکھتا ہے	کوئی شگاف	پھر	تو لوٹا	نگاہ کو
كَرَّتَیْنِ	یَنْقَلِبْ	اِلَیْكَ	الْبَصَرُ [4]	خَاسِئًا	وَّهُوَ
دوبار (باربار)	وہ لوٹے گی	تیری طرف	نگاہ	ذلیل ہوکر	اس حال میں کہ وہ

حَسِیْرٌ (4)	وَلَقَدْ [11]	زَیَّنَّا	السَّمَآءَ الدُّنْیَا [12]	بِمَصَابِیْحَ
بہت تھکی ہوئی	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے مزین کیا	دُنیوی آسمان کو	چراغوں سے
وَجَعَلْنٰهَا [13]	رُجُوْمًا	لِّلشَّیٰطِیْنِ	وَاَعْتَدْنَا [13]	لَهُمْ [14]
اور ہم نے بنایا اُنہیں	مارنے کا آلہ	شیطانوں کے لیے	اور ہم نے تیار کر رکھا ہے	ان کے لیے
عَذَابَ السَّعِیْرِ (5)	وَ	لِلَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ [15]
بھڑکتی آگ کا عذاب	اور	(ان لوگوں) کے لیے جن	سب نے انکار کیا	اپنے رب کا

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 تَ اور کھڑی زبر جو کہ الف کے قائم مقام ہے، دونوں میں مبالغے کا مفہوم ہے۔

2 رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قرآن پاک میں ایک سورت ایسی ہے جس کی تیس آیات ہیں وہ اپنے پڑھنے والے کی سفارش کریگی یہاں تک کہ اسے بخش دیا جائیگا۔

3 علامت بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔

4 فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے اور اگر پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

5 فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

6 اسم کے شروع میں "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

7 هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

8 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

9 اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

10 فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے، یہاں سکون کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔

11 لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

12 دنیوی آسمان سے مراد پہلا آسمان ہے۔

13 فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر ساکن حرف ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

14 لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔

15 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اٰیَاتُهَا:30 | 67 سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ 77 | رُكُوْعَاتُهَا:2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ز	بہت برکت والا ہے وہ جسکے ہاتھ میں بادشاہی ہے
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ (1) لا	اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔ (1)
الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ	(وہ) جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا
لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ	تاکہ وہ تمہیں آزمائے (کہ) تم میں سے کون
اَحْسَنُ عَمَلًا ط	عمل کے لحاظ سے زیادہ اچھا ہے
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ (2) لا	اور وہی غالب اور خوب بخشنے والا ہے۔ (2)
الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط	(وہ) جس نے سات آسمان اوپر تلے پیدا کیے
مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ	تو رحمن کے پیدا کیے ہوئے میں نہیں دیکھے گا
مِنْ تَفٰوُتٍ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ لا	کوئی فرق (کمی بیشی)، پس تو (اپنی) نگاہ کو لوٹا
هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ (3)	کیا تو کوئی شگاف دیکھتا ہے؟ (3)
ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ	پھر تو (اپنی) نگاہ کو دوبارہ (یعنی باربار) لوٹا
يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا	(ہر بار) نگاہ ذلیل ہو کر تیری طرف لوٹے گی
وَّهُوَ حَسِيْرٌ (4)	اس حال میں کہ وہ تھکی ہوئی ہوگی۔ (4)
وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے دنیوی آسمان کو مزین کیا
بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا	چراغوں (ستاروں) سے اور ہم نے انہیں بنایا
رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَ	شیطانوں کو مارنے کے آلے اور
اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ (5)	ہم نے انکے لیے بھڑکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے (5)
وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ	اور اُن (لوگوں) کیلئے جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

تَبٰرَكَ	:برکت، برکات، مبارک۔
بِيَدِهِ	:ید بیضا، ید طولیٰ۔
الْمُلْكُ	:ملک، مملکت۔
وَ	:لیل ونہار، رحم وکرم۔
عَلٰى	:علی الاعلان، علی العموم۔
خَلَقَ	:خالق، مخلوق، تخلیق۔
لِيَبْلُوَكُمْ	:بلاء، ابتلا۔
اَحْسَنُ	:احسن، احسان، محسن۔
الْغَفُوْرُ	:مغفرت، استغفار۔
سَبْعَ	:سبعہ عشرہ، قرأتِ سبعہ۔
طِبَاقًا	:طبقہ، طبقات، مطابق۔
تَرٰى	:رویتِ ہلال، مرئی وغیر مرئی
مِنْ	:منجانب، من جملہ۔
تَفٰوُتٍ	:تفاوت ہونا۔
فَارْجِعِ	:رجوع، راجع، رجعت پسند۔
الْبَصَرَ	:بصر، بصارت، بصیرت۔
ارْجِعِ	:رجوع، راجع، رجعت۔
الْبَصَرَ	:بصر، بصارت، بصیرت۔
يَنْقَلِبْ	:انقلاب، انقلابی اقدام۔
اِلَيْكَ	:مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
وَ	:رحم وکرم، شان وشوکت۔
زَيَّنَّا	:مزین، تزیین وآرائش۔
السَّمَآءَ	:کتبِ سماویہ، ارض وسما۔
الدُّنْيَا	:دنیا وآخرت، دین ودنیا۔
بِمَصَابِيْحَ	:مصباح، صبح۔
رُجُوْمًا	:رجم، رجیم، حدرجم۔
لِّلشَّيٰطِيْنِ	:شیطان، شیاطین۔
عَذَابَ	:عذاب۔
وَ	:لیل ونہار، رحم وکرم۔
كَفَرُوْا	:کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

عَذَابُ جَهَنَّمَ ط	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ (6)	اِذَآ	اُلْقُوْا [1][2]
جہنم کا عذاب	اور وہ بہت برا	ٹھکانا (ہے)	جب	وہ سب ڈالے جائیں گے

فِيْهَا	سَمِعُوْا [2]	لَهَا [3]	شَهِيْقًا	وَّهِيَ
اس (جہنم) میں	وہ سب سنیں گے	اس کا	چلّانا	اس حال میں کہ وہ

تَفُوْرُ [4] (7) لا	تَكَادُ [4]	تَمَيَّزُ [4][5]	مِنَ الْغَيْظِ ط	كُلَّمَآ
جوش ماررہی ہوگی	قریب ہوگی	وہ پھٹ جائے	غصے سے	جب بھی

اُلْقِيَ [1][6]	فِيْهَا	فَوْجٌ [7]	سَاَلَهُمْ	خَزَنَتُهَآ
ڈالا جائے گا	اس میں	کوئی گروہ	پوچھیں گے ان سے	اس کے داروغ

اَ	لَمْ يَاْتِكُمْ [8]	نَذِيْرٌ [7] (8)	قَالُوْا [2]
کیا	نہیں وہ آیا تھا تمہارے پاس	کوئی ڈرانے والا	وہ سب کہیں گے

بَلٰى	قَدْ	جَآءَنَا	نَذِيْرٌ [7] ۵ لا	فَكَذَّبْنَا [9]
ہاں کیوں نہیں	یقیناً	آیا تھا ہمارے پاس	ایک ڈرانے والا	تو ہم نے جھٹلا دیا

وَ	قُلْنَا [9]	مَا	نَزَّلَ	اللّٰهُ	مِنْ شَيْءٍ صلے [7][10]
اور	ہم نے کہا	نہیں	نازل کی	اللہ نے	کوئی چیز

اِنْ [11]	اَنْتُمْ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ [7]	كَبِيْرٍ (9)	وَقَالُوْا
نہیں (ہو)	تم	مگر	ایک گمراہی میں	بہت بڑی	اور اُنہوں نے کہا

لَوْ	كُنَّا	نَسْمَعُ	اَوْ	نَعْقِلُ	مَا
اگر	ہم ہوتے	ہم سنتے	یا	ہم سمجھتے	نہ

كُنَّا	فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ (10)	فَاعْتَرَفُوْا [2]	بِذَنْۢبِهِمْ ج [12][13]
ہوتے ہم	بھڑکتی ہوئی آگ والوں میں	پس وہ سب اعتراف کرینگے	اپنے گناہ کا

فَسُحْقًا	لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ (11)	اِنَّ	الَّذِيْنَ
سو دُوری (ہے)	بھڑکتی ہوئی آگ والوں کے لیے	بیشک	(وہ لوگ) جو

يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ [13]	بِالْغَيْبِ [14]	لَهُمْ [3]	مَّغْفِرَةٌ [14]
وہ سب ڈرتے ہیں	اپنے رب (سے)	بن دیکھے	ان کے لیے	بخشش (ہے)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اُلْقُوْا دراصل اُلْقِيُوْا تھا قاعدے کے مطابق ی کی پیش پچھلے حرف کو دے کر اسے حذف کیا گیا ہے۔

[2] اِذَا، كُلَّمَا اور لَوْ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً حال یا مستقبل میں کیا جاتا ہے۔

[3] یہاں لَهَا اور لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کیلیے لَ استعمال ہوا ہے۔

[4] تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[5] تَمَيَّزُ دراصل تَتَمَيَّزُ تھا تخفیف کے لیے ایک تَ محذوف ہے۔

[6] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[7] اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

[8] لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

[9] فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر ساکن حرف ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[10] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[11] اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہے لیکن اس کے بعد اِلَّا ہو تو ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

[12] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[13] هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[14] بِالْغَيْبِ میں علامت بِ کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

[15] ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ	جہنم کا عذاب ہے
وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿6﴾	اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔ ﴿6﴾
اِذَآ اُلْقُوْا فِیْهَا سَمِعُوْا	جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے (تو) وہ سنیں گے
لَهَا شَهِیْقًا وَّهِیَ تَفُوْرُ ۙ﴿7﴾	اسکا چلّانا اس حال میں کہ وہ جوش مار رہی ہوگی۔ ﴿7﴾
تَكَادُ تَمَیَّزُ مِنَ الْغَیْظِ ؕ	قریب ہوگی (کہ) وہ غصے سے پھٹ جائے
كُلَّمَآ اُلْقِیَ فِیْهَا فَوْجٌ	جب بھی اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا
سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ	ان سے اس کے داروغے (نگران) پوچھیں گے
اَلَمْ یَاْتِكُمْ نَذِیْرٌ ﴿8﴾	کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تھا؟ ﴿8﴾
قَالُوْا بَلٰى	وہ کہیں گے ہاں کیوں نہیں،
قَدْ جَآءَنَا نَذِیْرٌ ۙ	یقیناً ہمارے پاس ایک ڈرانے والا آیا تھا
فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا	تو ہم نے (اسے) جھٹلا دیا اور ہم نے کہا
مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ ۚۖ	اللہ نے کوئی چیز نازل نہیں کی
اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ كَبِیْرٍ ﴿9﴾	نہیں ہو تم مگر ایک بہت بڑی گمراہی میں۔ ﴿9﴾
وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ	اور وہ کہیں گے اگر ہم سنتے یا سمجھتے ہوتے
مَا كُنَّا	(تو) ہم (شامل) نہ ہوتے
فِیْٓ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ﴿10﴾	بھڑکتی ہوئی آگ والوں میں۔ ﴿10﴾
فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ	پس وہ اپنے گناہ کا اعتراف کریں گے
فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ﴿11﴾	سو بھڑکتی ہوئی آگ والوں کیلئے دوری ہے۔ ﴿11﴾
اِنَّ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ	بیشک وہ (لوگ) جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں
بِالْغَیْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ	بغیر دیکھے، ان کے لیے بخشش ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

عَذَابُ : عذاب، عذابِ جہنم۔
وَ : شام و سحر، رحم و کرم۔
اُلْقُوْا : القاء کرنا۔
فِیْهَا : فی الحال، فی الحقیقت، فی الواقع۔
سَمِعُوْا : سمع و بصر، آلۂ سماعت۔
تَفُوْرُ : فوارہ، فوارے۔
مِنَ : منجانب، من حیث القوم۔
الْغَیْظِ : غیظ و غضب۔
اُلْقِیَ : القاء کرنا۔
فِیْهَا : فی الحال، فی الفور۔
فَوْجٌ : فوج، افواجِ پاکستان۔
سَاَلَهُمْ : سوال، سائل، مسئول۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ۔
فَكَذَّبْنَا : کذب، کذاب، تکذیب۔
نَزَّلَ : نازل، نزول، منزّل۔
شَیْءٍ : شے، اشیائے خورد و نوش۔
اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل۔
ضَلٰلٍ : ضلالت و گمراہی۔
كَبِیْرٍ : کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔
نَسْمَعُ : سمع و بصر، آلہ سماعت۔
وَ : شام و سحر، رحم و کرم۔
نَعْقِلُ : عقل، عاقل، معقول۔
فِیْٓ : فی الحال، فی الحقیقت۔
فَاعْتَرَفُوْا : اعتراف کرنا، معترف ہونا۔
لِّاَصْحٰبِ : اصحابِ صفہ، اصحابِ کہف۔
یَخْشَوْنَ : خشیتِ الٰہی۔
رَبَّهُمْ : رب کائنات، ربوبیت۔
بِالْغَیْبِ : علم غیب، غیبی طاقت۔
مَّغْفِرَةٌ : مغفرت، استغفار۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ	اَجْرٌ	كَبِيْرٌ [1] (12)	وَاَسِرُّوْا [2]	قَوْلَكُمْ	اَوِ
اور	اجر (ہے)	بہت بڑا	اور تم سب چھپا کر کرو	اپنی بات	یا

اجْهَرُوْا [2]	بِهٖ [3] ؕ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌۢ [1]	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ [3] (13)
تم سب پکار کر کرو	اس کو	بیشک وہ	خوب جاننے والا	سینوں والی (بات) کو

اَلَا	يَعْلَمُ	مَنْ خَلَقَ ؕ	وَهُوَ اللَّطِيْفُ [1]	الْخَبِيْرُ [1] (14) ع
کیا نہیں	وہ جانتا	جس نے پیدا کیا ہے؟	اور وہی بہت باریک بین	خوب خبردار (ہے)

ع 14/1

هُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ	ذَلُوْلًا
وہ (اللہ)	جس نے	بنا دیا	تمہارے لیے	زمین کو	(تمہارا) تابع

فَامْشُوْا [2][4]	فِيْ مَنَاكِبِهَا	وَكُلُوْا [5]	مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ
پس تم سب چلو	اس کے کندھوں میں	اور تم سب کھاؤ	اس کے رزق سے

وَاِلَيْهِ	النُّشُوْرُ (15)	ءَاَمِنْتُمْ	مَّنْ	فِي السَّمَآءِ
اور اسی کی طرف	اُٹھ کر جانا (ہے)	کیا تم بے خوف ہو گئے	(اس سے) جو	آسمان میں (ہے)

اَنْ	يَّخْسِفَ	بِكُمُ [3]	الْاَرْضَ	فَاِذَا [6][4]	هِيَ
یہ کہ	وہ دھنسا دے	تم کو	زمین (میں)	تو اچانک	وہ

تَمُوْرُ [7] (16) لا	اَمْ [8]	اَمِنْتُمْ	مَّنْ	فِي السَّمَآءِ	اَنْ
حرکت کرنے لگے	یا	تم بے خوف ہو گئے ہو	جو	آسمان میں (ہے)	یہ کہ

يُّرْسِلَ	عَلَيْكُمْ	حَاصِبًا ؕ	فَسَتَعْلَمُوْنَ [9][4]	كَيْفَ
وہ بھیج دے	تم پر	پتھراؤ کرنے والی آندھی	پھر عنقریب تم سب جان لوگے	کیسا (ہے)

نَذِيْرِ [10] (17)	وَلَقَدْ [11]	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
(میرا) ڈرانا	اور بلاشبہ یقیناً	جھٹلایا	(ان لوگوں نے) جو	ان سے پہلے تھے

فَكَيْفَ [4]	كَانَ	نَكِيْرِ [12][10] (18)	اَوَ	لَمْ يَرَوْا [13]
پھر کیسا	تھا	(میرا) عذاب	اور (بھلا) کیا	نہیں ان سب نے دیکھا

اِلَى الطَّيْرِ	فَوْقَهُمْ	صٰٓفّٰتٍ [14]	وَّيَقْبِضْنَ [14] ؔ
پرندوں کی طرف	اپنے اوپر	پر پھیلائے ہوئے	اور (کبھی) وہ سکیڑ لیتے ہیں

وقف لازم اختلاف
وقف غفران منزل

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

[2] فعل کے شروع میں ''اُ'' اور آخر میں وْا ہو تو عموماً اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[3] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[4] علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔

[5] كُلُوْا کا روٹ اَكَلَ ہے جس فعل کے شروع میں ''أ'' ہو فعل امر بناتے ہوئے ''أ'' حذف ہو جاتا ہے مثلاً: اَمَرَ سے مُرُوْا اور اَكَلَ سے كُلُوْا اور اَخَذَ سے خُذُوْا۔

[6] اِذَا کا ترجمہ عموماً جب اور کبھی اچانک بھی ہوتا ہے۔

[7] علامت تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں

[8] اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔

[9] فعل کے شروع میں علامت سَ مستقبل قریب کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

[10] یہاں آخر سے یْ پڑھنے میں آسانی کے لیے محذوف ہے اسی علامت یْ کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔

[11] لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

[12] نَكِيْر مشکل امر کو کہتے ہیں جو سمجھ میں نہ آسکے یہاں مراد عذاب ہے۔

[13] علامت یَ کا ترجمہ وہ ہوتا ہے لیکن اگر اس سے پہلے لَمْ آئے تو پھر عموماً ترجمہ اُن یا اُس کیا جاتا ہے۔

[14] اٰت، ـ نَ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿12﴾	اور بہت بڑا اجر ہے۔ ﴿12﴾
وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ	اور تم اپنی بات چھپا کر کرو یا تم اسکو پکار کر کرو (برابر ہے)
اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿13﴾	بیشک وہ سینوں والی (باتوں) کو خوب جاننے والا ہے ﴿13﴾
اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ	(بھلا) جس نے پیدا کیا ہے کیا وہ نہیں جانتا؟
وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿14﴾ ع	اور وہی تو بہت باریک بین خوب خبردار ہے۔ ﴿14﴾ ع
هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ	وہی ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو بنادیا
ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا	(تمہارا) تابع پس اس کے کندھوں (راستوں) میں چلو
وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ	اور تم اس کے (دیے ہوئے) رزق سے کھاؤ
وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿15﴾	اور اسی کی طرف (دوبارہ) اُٹھ کر جانا ہے۔ ﴿15﴾
ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ	کیا تم بے خوف ہو گئے ہو اُس (اللہ) سے جو آسمان میں ہے
اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ	یہ کہ وہ تم کو زمین میں دھنسا دے
فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ﴿16﴾ لا	تو اچانک وہ حرکت کرنے لگے؟ ﴿16﴾
اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ	یا تم بے خوف ہو گئے ہو اُس (اللہ) سے جو آسمان میں ہے
اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ؕ	یہ کہ وہ تم پر پتھراؤ کرنے والی آندھی بھیج دے
فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ﴿17﴾	پھر عنقریب تم جان لوگے (میرا) ڈرانا کیسا ہے۔ ﴿17﴾
وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ	اور بلاشبہ یقیناً (اُن لوگوں نے) جھٹلایا جو ان سے پہلے تھے
فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿18﴾	پھر (میرا) عذاب کیسا تھا؟ ﴿18﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ	اور کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندوں کی طرف نہیں دیکھا
صٰٓفّٰتٍ	(جو) پر پھیلائے ہوئے ہوتے ہیں
وَّيَقْبِضْنَ ؕۘ	اور (کبھی) وہ (اپنے پر) سکیڑ لیتے ہیں

ع 14 1

وقف لازم / اختلافی
وقف غفران
وقف منزل

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اَجْرٌ	اجر و ثواب، اجرِ عظیم۔
كَبِيْرٌ	کبیر، اکبر، کبار علماء۔
اَسِرُّوْا	سری و جہری، سرِ نہاں۔
قَوْلَكُمْ	قول، اقوال، قائل۔
اجْهَرُوْا	جہری نمازیں۔
عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
الصُّدُوْرِ	شقِ صدر، شرحِ صدر۔
يَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
خَلَقَ	خالق، مخلوق، تخلیق۔
اللَّطِيْفُ	لطیف، لطف، لطافت۔
الْخَبِيْرُ	خبر، اخبار، مخبر، باخبر۔
الْاَرْضَ	ارض و سما، قطعہ اراضی۔
كُلُوْا	اکل و شرب، ماکولات۔
مِنْ	منجانب، من جملہ۔
رِزْقِهٖ	رزق، رزّاق، رازق۔
اِلَيْهِ	مرسل الیہ، الداعی الی الخیر
النُّشُوْرُ	حشر و نشر۔
اَمِنْتُمْ	امن، امن و امان۔
الْاَرْضَ	ارض و سماء، خطہ ارض۔
السَّمَآءِ	کتبِ سماویہ، ارض و سما۔
يُرْسِلَ	رسول، مرسل، ترسیل۔
عَلَيْكُمْ	علیحدہ، علی الاعلان۔
فَسَتَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
كَيْفَ	کیفیت، کوائف، بہر کیف۔
كَذَّبَ	کذب، کذاب، تکذیب۔
قَبْلِهِمْ	قبل از وقت، قبل الکلام۔
يَرَوْا	مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
الطَّيْرِ	طائر، طائرانہ نظر، طیارہ۔
فَوْقَهُمْ	فوقیت، مافوق الفطرت۔
يَقْبِضْنَ	قبض، قابض، مقبوضہ۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

مَا يُمْسِكُهُنَّ	اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ	اِنَّهٗ	بِكُلِّ شَیْءٍۭ [1]	بَصِيْرٌ [2] (19)
نہیں وہ تھامتا اُنہیں	مگر رحمٰن	بیشک وہ	ہر چیز کو	خوب دیکھنے والا

اَمَّنْ [3]	هٰذَا [4]	الَّذِیْ	هُوَ	جُنْدٌ	لَّكُمْ [5]	يَنْصُرُكُمْ [6]
یا کون (ہے)	ایسا	جو	وہ	لشکر (ہو)	تمہارے لیے	وہ مدد کرتا ہو تمہاری

مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ [7]	اِنِ الْكٰفِرُوْنَ [8]	اِلَّا	فِیْ غُرُوْرٍ ۚ (20)	اَمَّنْ [3]
رحمٰن کے سوا	نہیں (ہیں) سب کافر	مگر	دھوکے میں	یا کون (ہے)

هٰذَا [4]	الَّذِیْ	يَرْزُقُكُمْ [6]	اِنْ اَمْسَكَ	رِزْقَهٗ ۚ [9]
ایسا	جو	وہ رزق دیتا ہو تمہیں	اگر وہ (رحمان) روک دے	اپنا رزق

بَلْ	لَّجُّوْا	فِیْ عُتُوٍّ	وَّنُفُوْرٍ (21)	اَفَمَنْ	يَّمْشِیْ
بلکہ	وہ سب اڑے ہوئے ہیں	سرکشی میں	اور نفرت (میں)	تو کیا جو	وہ چلتا ہو

مُكِبًّا	عَلٰی وَجْهِهٖۤ [10] [9]	اَهْدٰۤی [11]	اَمَّنْ [3]	يَّمْشِیْ
گر پڑنے والا (ہو)	اپنے منہ کے بل	زیادہ ہدایت والا (ہے)	یا جو	وہ چلتا ہو

سَوِيًّا	عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (22)	قُلْ	هُوَ	الَّذِیْۤ
سیدھا ہو کر	سیدھے (درست) راستے پر	آپ کہہ دیجیے	وہ	جس نے

اَنْشَاَكُمْ [6]	وَجَعَلَ	لَكُمُ [5]	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ
پیدا کیا تمہیں	اور اس نے بنائے	تمہارے لیے	کان	اور آنکھیں

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ	قَلِيْلًا مَّا [12]	تَشْكُرُوْنَ (23)	قُلْ	هُوَ
اور دل	بہت ہی کم (ہے)	تم سب شکر ادا کرتے ہو	آپ کہہ دیجیے	وہ

الَّذِیْ	ذَرَاَكُمْ [6]	فِی الْاَرْضِ	وَ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ [13] (24)
جس نے	پھیلایا تمہیں	زمین میں	اور	اسی کی طرف	تم سب اکٹھے کیے جاؤ گے

وَ	يَقُوْلُوْنَ	مَتٰی	هٰذَا	الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ
اور	وہ سب کہتے ہیں	کب (ہوگا)	یہ	وعدہ	اگر	تم ہو

صٰدِقِيْنَ [14] (25)	قُلْ	اِنَّمَا [15]	الْعِلْمُ	عِنْدَ اللّٰهِ ۪
سب سچ بولنے والے	آپ کہہ دیجیے	یقیناً صرف	علم (تو)	اللہ کے پاس

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[2] فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔

[3] اَمَّنْ دراصل اَمْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔

[4] هٰذَا کا ترجمہ یہ یا اس ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ ایسا کیا گیا ہے۔

[5] لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔

[6] كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔

[7] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[8] اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ "نہیں" سے کیا جاتا ہے اِنْ کو اگلے لفظ سے ملانے کے لیے نِ کے نیچے زیر آئی ہے۔

[9] هٗ یا هٖ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے

[10] عَلٰی کا اصل ترجمہ پر ہے اور کبھی ضرورتاً ترجمہ کے بل بھی کیا جاتا ہے۔

[11] اسم کے شروع میں "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

[12] یہاں مَا زائدہ ہے جو قلت میں تاکید کے لیے آیا ہے یعنی بہت ہی کم۔

[13] تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[14] فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[15] اِنَّ کے ساتھ اگر مَا ہو تو اس میں یقیناً صرف یا حقیقت یوں ہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

مَا يُمۡسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحۡمٰنُ ؕ	نہیں تھامتا ان کو مگر رحمن ہی
اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىۡءٍۢ بَصِيۡرٌ ﴿19﴾	بے شک وہ ہر چیز کو خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿19﴾
اَمَّنۡ هٰذَا الَّذِىۡ هُوَ جُنۡدٌ لَّـكُمۡ	یا ایسا کون ہے وہ جو تمہارا لشکر ہو
يَنۡصُرُكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ الرَّحۡمٰنِ ؕ	(کہ) وہ رحمن کے سوا تمہاری مدد کرے؟
اِنِ الۡكٰفِرُوۡنَ اِلَّا فِىۡ غُرُوۡرٍ ۚ ﴿20﴾	نہیں ہیں کافر مگر دھوکے ہی میں۔ ﴿20﴾
اَمَّنۡ هٰذَا الَّذِىۡ يَرۡزُقُكُمۡ	یا ایسا کون ہے جو تمہیں رزق دے
اِنۡ اَمۡسَكَ رِزۡقَهٗ ۚ بَلۡ	اگر وہ (رحمان) اپنا رزق روک لے بلکہ
لَّجُّوۡا فِىۡ عُتُوٍّ وَّنُفُوۡرٍ ﴿21﴾	وہ سرکشی اور (حق سے) نفرت میں اڑے ہوئے ہیں۔ ﴿21﴾
اَفَمَنۡ يَّمۡشِىۡ مُكِبًّا عَلٰى وَجۡهِهٖۤ	تو (بھلا) کیا جو اپنے منہ کے بل الٹا ہو کر چلتا ہو
اَهۡدٰٓى اَمَّنۡ يَّمۡشِىۡ سَوِيًّا	زیادہ ہدایت والا ہے یا جو سیدھا ہو کر چلتا ہو
عَلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿22﴾	سیدھے (یعنی درست) راستے پر؟ ﴿22﴾
قُلۡ هُوَ الَّذِىۡۤ اَنۡشَاَكُمۡ	کہہ دیجیے وہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں پیدا کیا
وَجَعَلَ لَـكُمُ	اور اس نے تمہارے لیے بنائے
السَّمۡعَ وَالۡاَبۡصَارَ وَالۡاَفۡـِٕدَةَ ؕ	کان اور آنکھیں اور دل
قَلِيۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ ﴿23﴾	بہت ہی کم تم شکر ادا کرتے ہو۔ ﴿23﴾
قُلۡ هُوَ الَّذِىۡ ذَرَاَكُمۡ فِى الۡاَرۡضِ	کہہ دیجیے وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا
وَاِلَيۡهِ تُحۡشَرُوۡنَ ﴿24﴾	اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے ﴿24﴾
وَيَقُوۡلُوۡنَ مَتٰى هٰذَا الۡوَعۡدُ	اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب (پورا) ہوگا
اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿25﴾ قُلۡ	اگر تم سچے ہو؟ ﴿25﴾ کہہ دیجیے
اِنَّمَا الۡعِلۡمُ عِنۡدَ اللّٰهِ ۖ	بیشک (اس کا) علم تو صرف اللہ ہی کے پاس ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

يُمۡسِكۡهُنَّ	امساک، ممسک۔
اِلَّا	الاماشاءاللہ، الا قلیل۔
الرَّحۡمٰنُ	رحم، رحیم، رحمن، رحمت۔
شَىۡءٍ	اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
بَصِيۡرٌ	بصر، بصارت، بصیرت۔
يَنۡصُرُكُمۡ	نصرت، ناصر، انصار۔
الۡكٰفِرُوۡنَ	کفر، کافر، کفار۔
فِىۡ	فی الفور، فی الحقیقت۔
غُرُوۡرٍ	غرور، مغرور۔
هٰذَا	لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی۔
يَرۡزُقُكُمۡ	رزق، رزّاق، رازق۔
نُفُوۡرٍ	نفرت، متنفر، منافرت۔
عَلٰى	علی الاعلان، علی العموم۔
وَجۡهِهٖۤ	وجہ، متوجہ، توجہ۔
اَهۡدٰٓى	ہدایت، ہادی برحق۔
سَوِيًّا	مساوی، مساوات۔
صِرَاطٍ	صراط مستقیم، پل صراط۔
مُّسۡتَقِيۡمٍ	صراط مستقیم، استقامت۔
السَّمۡعَ	سمع، سماعت، سامعین۔
الۡاَبۡصَارَ	بصر، بصارت، بصیرت۔
قَلِيۡلًا	قلیل، قلت، قلیل مدت۔
تَشۡكُرُوۡنَ	شکر، شاکر، اظہار تشکر۔
قُلۡ	قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
الۡاَرۡضِ	ارض و سماء، خطہ ارض۔
اِلَيۡهِ	مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
تُحۡشَرُوۡنَ	حشر، روز محشر، حشر نشر۔
يَقُوۡلُوۡنَ	قول، اقوال، مقولہ۔
الۡوَعۡدُ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
صٰدِقِيۡنَ	صداقت، صادق و امین۔
عِنۡدَ	عنداللہ، عندالطلب۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ اِنَّمَآ [1]	اَنَا	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ (26)	فَلَمَّا
اور بیشک صرف	میں (ہوں)	ڈرانے والا	واضح	پس جب

رَاَوْهُ [2][3]	زُلْفَةً	سِيْٓـَٔتْ [4]	وُجُوْهُ	الَّذِيْنَ
وہ سب دیکھیں گے اُسے	قریب	بگڑ جائیں گے	چہرے	(ان لوگوں کے) جن

كَفَرُوْا	وَقِيْلَ [2]	هٰذَا	الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِهٖ
سب نے کفر کیا	اور کہا جائے گا	یہ (ہے)	جو	تھے تم	اس کو

تَدَّعُوْنَ [5] (27)	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ [6]
تم سب مانگا کرتے	آپ کہہ دیجیے	کیا تم نے دیکھا	اگر	اللہ ہلاک کردے مجھے

وَ	مَنْ [7]	مَّعِيَ	اَوْ	رَحِمَنَا ۙ	فَمَنْ [7]	يُّجِيْرُ
اور	جو	میرے ساتھ (ہیں)	یا	وہ رحم کرے ہم پر	تو کون (ہے جو)	وہ پناہ دے

الْكٰفِرِيْنَ	مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ (28)	قُلْ	هُوَ الرَّحْمٰنُ [8]	اٰمَنَّا
کافروں کو	دردناک عذاب سے	کہہ دیجیے	وہی رحمٰن (ہے)	ہم ایمان لائے

بِهٖ	وَعَلَيْهِ	تَوَكَّلْنَا ج [9]	فَسَتَعْلَمُوْنَ	مَنْ [7]
اس پر	اور اسی پر	ہم نے بھروسا کیا	تو عنقریب تم سب جان لوگے	کون

هُوَ	فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (29)	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ اَصْبَحَ
وہ	کھلی گمراہی میں (ہے)	آپ کہہ دیجیے	کیا تم نے دیکھا	اگر ہوجائے

مَآؤُكُمْ	غَوْرًا	فَمَنْ [7]	يَّاْتِيْكُمْ [10]	بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ [11] ع (30)
تمہارا پانی	گہرا	تو کون (ہے)	وہ لے آئے تمہارے پاس	بہتے ہوئے پانی کو

ع 2 16 2

اٰيَاتُهَا:52 — 68 سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ 2 — رُكُوْعَاتُهَا:2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نٓ [12]	وَ	الْقَلَمِ	وَ	مَا	يَسْطُرُوْنَ ۙ (1)
نٓ	قسم ہے	قلم کی	اور	جو	وہ سب لکھتے ہیں

مَآ	اَنْتَ	بِنِعْمَةِ رَبِّكَ	بِمَجْنُوْنٍ ج [13] (2)
نہیں (ہیں)	آپ	اپنے رب کی نعمت سے	ہرگز دیوانے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اِنَّ کے ساتھ اگر مَا بھی لگ جائے تو اس میں بیشک صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔

2 یہ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

3 یہاں اسے دیکھنے سے مراد عذاب کا وعدہ ہے یعنی وہ عذاب کے وعدے کو قریب آتا دیکھیں گے تو ان کے چہرے بگڑ جائیں گے۔

4 سِيْٓـَٔتْ دراصل سُوْءَتْ تھا قاعدے کے مطابق و کی زیر پچھلے حرف کو دے کر و کو ی سے بدلا گیا ہے اصل ترجمہ بگاڑ دیے جائیں گے ہے ضرورتاً ترجمہ بگڑ جائیں گے کیا جاتا ہے۔

5 تَدَّعُوْنَ اصل میں تَدْتَعِوُوْنَ تھا گرامر کے اصول کے مطابق درمیان سے ت کو د سے بدل کر د میں مدغم کیا گیا اور و کی پیش پچھلے حرف کو دے کر اسے حذف کیا گیا ہے۔

6 فعل کے ساتھ جب یْ آئے تو درمیان میں نِ کالانا ضروری ہوتا ہے۔

7 مَنْ کا ترجمہ جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔

8 هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

9 علامت تَ اور شدّ میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

10 يَاْتِيْ کا ترجمہ آئے ہوتا ہے اگر اسکے بعد بِ آجائے تو اسکا ترجمہ لے آئے کیا جاتا ہے۔

11 مَعِيْنٍ کا روٹ م ع ن بھی ہوسکتا ہے اور ع ی ن بھی دونوں صورتوں میں معنی ایک ہی ہے

12 نٓ حروف مقطعات میں سے جیسے صٓ، قٓ ہے بعض نے کہا اس سے مراد دوات ہے کیونکہ آگے قلم کا ذکر ہے (واللہ اعلم)۔

13 مَآ کے بعد اسی جملے میں بِ ہو تو اُس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿26﴾	اور بیشک میں تو صرف واضح ڈرانے والا ہوں۔ ﴿26﴾
فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً	پس جب وہ اُسے قریب (ہی) دیکھیں گے
سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ	اُن (لوگوں) کے چہرے بگڑ جائیں گے جنہوں نے
كَفَرُوْا وَ قِیْلَ هٰذَا	کفر کیا اور کہا جائے گا یہ وہ ہے
الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿27﴾	تم جس کو مانگا کرتے تھے۔ ﴿27﴾
قُلْ اَرَءَیْتُمْ	کہہ دیجیے کیا تم نے دیکھا (یعنی غور کیا)
اِنْ اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ وَ مَنْ	اگر اللہ مجھے ہلاک کر دے اور (انہیں بھی) جو
مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا	میرے ساتھ ہیں، یا وہ ہم پر رحم کرے
فَمَنْ یُّجِیْرُ الْكٰفِرِیْنَ	تو کون ہے جو کافروں کو پناہ دے گا
مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿28﴾	دردناک عذاب سے؟ ﴿28﴾
قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ	کہہ دیجیے وہی رحمٰن ہے ہم اس پر ایمان لائے
وَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ	اور اسی پر ہم نے بھروسا کیا، تو عنقریب تم جان لوگے
مَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿29﴾	وہ کون ہے (جو) کھلی گمراہی میں ہے۔ ﴿29﴾
قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ	کہہ دیجیے کیا تم نے دیکھا (غور کیا) اگر
اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ	تمہارا پانی گہرا ہو جائے تو کون ہے (وہ جو)
یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ ﴿30﴾ ع	تمہارے پاس بہتے ہوئے پانی کو لے آئے؟ ﴿30﴾ ع

ع 2 16 2

اٰیَاتُهَا: 52 — 68 سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ 2 — رُكُوْعَاتُهَا: 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نٓ وَ الْقَلَمِ وَ مَا یَسْطُرُوْنَ ﴿1﴾	نٓ قسم ہے قلم کی اور اس کی جو وہ لکھتے ہیں۔ ﴿1﴾
مَاۤ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ﴿2﴾	آپ اپنے رب کی نعمت سے ہرگز دیوانے نہیں ہیں ﴿2﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مُّبِیْنٌ	: دلیل بیّن، مبیّنہ، بیان۔
رَاَوْهُ	: رویئت ہلال، مرئی اشیاء۔
سِیْٓـَٔتْ	: علماءِ سوء، ظن سوء۔
وُجُوْهُ	: توجہ، علیٰ وجہ البصیرت
كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
قِیْلَ	: قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
هٰذَا	: لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی۔
تَدَّعُوْنَ	: دعا، دعوت، داعی۔
قُلْ	: قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
رَءَیْتُمْ	: رویئت ہلال، مرئی اشیاء۔
اَهْلَكَنِیَ	: ہلاک، ہلاکت، مہلک۔
مَّعِیَ	: مع اہل و عیال، معیّت۔
رَحِمَنَا	: رحم، رحیم، رحمٰن، رحمت۔
الْكٰفِرِیْنَ	: کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
مِنْ	: منجانب، منجملہ، من وعن۔
اَلِیْمٍ	: المناک حادثہ، رنج و الم۔
اٰمَنَّا	: امن، ایمان، مومن۔
عَلَیْهِ	: علی الاعلان، علی العموم۔
تَوَكَّلْنَا	: توکل، متوکل علی اللہ۔
فَسَتَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
ضَلٰلٍ	: ضلالت و گمراہی۔
مُّبِیْنٍ	: دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
قُلْ	: قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
غَوْرًا	: غور و خوض، بنظرِ غائر۔
مَآؤُكُمْ	: ماء الحیات، ماء اللحم۔
الْقَلَمِ	: قلم و قرطاس، قلمی نسخہ۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
یَسْطُرُوْنَ	: سطر، سطور، سطریں۔
بِنِعْمَةِ	: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
بِمَجْنُوْنٍ	: مجنون، جنون۔

وَاِنَّ [1]	لَكَ [2]	لَاَجْرًا [3]	غَيْرَ	مَمْنُوْنٍ [4] ۚ (3)
اور بیشک	آپ کے لیے	یقیناً اجر (ہے)	نہ	ختم کیا جانے والا

وَ	اِنَّكَ	لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ [3][5] (4)	فَسَتُبْصِرُ
اور	بلاشبہ آپ	یقیناً خلق عظیم پر (ہیں)	پس عنقریب آپ دیکھ لیں گے

وَيُبْصِرُوْنَ ۙ (5)	بِاَيِّكُمُ [6]	الْمَفْتُوْنُ [4] (6)	اِنَّ [1]	رَبَّكَ
اور وہ سب دیکھ لیں گے	تم میں سے کون	فتنے میں ڈالا ہوا	بلاشبہ	آپ کا رب

هُوَ	اَعْلَمُ [7]	بِمَنْ [8]	ضَلَّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ ۠
وہ	خوب جاننے والا	(اس) کو جو	گمراہ ہوا	اس کی راہ سے

وَهُوَ	اَعْلَمُ [7]	بِالْمُهْتَدِيْنَ [8] (7)	فَلَا تُطِعِ [9]
اور وہ	خوب جاننے والا (ہے)	سب ہدایت پانے والوں کو	پس آپ اطاعت نہ کریں

الْمُكَذِّبِيْنَ [10] (8)	وَدُّوْا [11]	لَوْ	تُدْهِنُ
سب جھٹلانے والوں کی	وہ سب چاہتے ہیں	کاش	آپ نرمی اختیار کریں

فَيُدْهِنُوْنَ (9)	وَ	لَا تُطِعْ [9]	كُلَّ	حَلَّافٍ [5]
تو وہ سب نرمی اختیار کریں گے	اور	آپ اطاعت نہ کریں	ہر	بہت قسمیں کھانے والے

مَّهِيْنٍ ۙ (10)	هَمَّازٍ [5]	مَّشَّآءٍۢ [5]	بِنَمِيْمٍ [12] ۙ (11)
ذلیل کی	بہت طعنہ دینے والا	بہت بھاگ دوڑ کرنے والا	چغلی میں

مَّنَّاعٍ [5]	لِّلْخَيْرِ [13]	مُعْتَدٍ	اَثِيْمٍ [5] ۙ (12)	عُتُلٍّۢ
بہت روکنے والا	بھلائی کو	حد سے تجاوز کرنے والا	بہت گناہ گار	سخت مزاج

بَعْدَ ذٰلِكَ [14]	زَنِيْمٍ ۙ (13)	اَنْ	كَانَ	ذَا مَالٍ
اس کے علاوہ	بدذات	(اس لیے) کہ	وہ ہے	مال والا

وَّ	بَنِيْنَ ۭ (14)	اِذَا	تُتْلٰى [15]	عَلَيْهِ
اور	بیٹوں (والا)	جب	تلاوت کی جاتی ہیں	اس پر

اٰيٰتُنَا [16]	قَالَ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ (15)
ہماری آیات	(تو) کہتا ہے	افسانے (ہیں)	پہلے لوگوں کے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اِنَّ تاکید کی علامت ہے۔

2 لَكَ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔

3 شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔

4 یہاں وْنٍ یا وْنُ جمع کی علامت نہیں، بلکہ یہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔

5 فَعِيْلٌ اور فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت یا خوب کیا گیا ہے۔

6 یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

7 اسم کے شروع میں "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

8 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

9 لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے، یہاں سکون کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔

10 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

11 یہ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً حال میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

12 یہاں علامت بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔

13 اسم کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی ہوتا ہے۔

14 یہاں بَعْدَ کا ترجمہ ضرورتاً علاوہ کیا گیا ہے۔

15 اگر تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائیگا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں تُ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

16 نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَ اِنَّ لَكَ لَاَجْرًا	اور بیشک یقیناً آپ کے لیے اجر ہے
غَیْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿3﴾	نہ ختم کیا جانے والا۔ ﴿3﴾
وَ اِنَّكَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ ﴿4﴾	اور بلاشبہ یقیناً آپ عظیم اخلاق پر (فائز) ہیں۔ ﴿4﴾
فَسَتُبْصِرُ وَ یُبْصِرُوْنَ ﴿5﴾	پس جلد ہی آپ دیکھ لینگے اور وہ (بھی) دیکھ لینگے۔ ﴿5﴾
بِاَیِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ ﴿6﴾	(کہ) تم میں سے کون فتنے میں ڈالا ہوا ہے۔ ﴿6﴾
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ	بلاشبہ آپ کا رب وہ خوب جاننے والا ہے اس کو جو
ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِهٖ۪ وَ هُوَ	اس کے راستے سے بھٹک گیا اور وہ
اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ ﴿7﴾	ہدایت پانیوالوں کو (بھی) خوب جاننے والا ہے۔ ﴿7﴾
فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِیْنَ ﴿8﴾	پس آپ جھٹلانے والوں کی اطاعت نہ کریں۔ ﴿8﴾
وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ	وہ چاہتے ہیں کاش آپ نرمی اختیار کریں
فَیُدْهِنُوْنَ ﴿9﴾	تو وہ (بھی) نرمی اختیار کریں۔ ﴿9﴾
وَ لَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ	اور آپ اطاعت نہ کریں ہر بہت قسمیں کھانے والے
مَّهِیْنٍ ﴿10﴾ هَمَّازٍ	ذلیل کی۔ ﴿10﴾ (جو) بہت طعنہ دینے والا
مَّشَّآءٍۭ بِنَمِیْمٍ ﴿11﴾	چغلی میں بہت بھاگ دوڑ کرنے والا ہے۔ ﴿11﴾
مَّنَّاعٍ لِّلْخَیْرِ	بھلائی کو بہت روکنے والا ہے
مُعْتَدٍ اَثِیْمٍ ﴿12﴾	حد سے تجاوز کرنے والا بہت گناہ گار ہے۔ ﴿12﴾
عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِیْمٍ ﴿13﴾	سخت مزاج ہے اس کے علاوہ بدذات ہے۔ ﴿13﴾
اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّ بَنِیْنَ ﴿14﴾	(اس لیے) کہ وہ مال اور بیٹوں والا ہے۔ ﴿14﴾
اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِ اٰیٰتُنَا	جب اس پر ہماری آیات تلاوت کی جاتی ہیں
قَالَ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿15﴾	(تو) کہتا ہے (یہ تو) پہلے لوگوں کے افسانے ہیں۔ ﴿15﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لَاَجْرًا	اجر وثواب، اجرِ عظیم۔
غَیْرَ	دیارِ غیر، غیر اللہ، اغیار۔
لَعَلٰی	علی الاعلان، علی العموم۔
خُلُقٍ	خُلق، اخلاق، خوش خلق۔
عَظِیْمٍ	عظیم، عظمت، تعظیم۔
فَسَتُبْصِرُ	بصارت، مبصر، بصیرت۔
الْمَفْتُوْنُ	فتنہ وفساد، فتنہ پرور۔
اَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
ضَلَّ	ضلالت وگمراہی۔
سَبِیْلِهٖ	اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
بِالْمُهْتَدِیْنَ	ہدایت، ہادیٔ برحق۔
فَلَا	لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
تُطِعِ	اطاعت، مطیع۔
الْمُكَذِّبِیْنَ	کذب، کذاب، تکذیب۔
وَدُّوْا	مودت ومحبت۔
تُدْهِنُ	مداہنت۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
تُطِعْ	اطاعت وفرمانبرداری۔
كُلَّ	کل نمبر، کلی طور پر۔
حَلَّافٍ	حلف، بیان حلفی۔
مَّهِیْنٍ	اہانت، توہین۔
مَّنَّاعٍ	منع، مانع، ممنوع، ممانعت
لِّلْخَیْرِ	خیر، خیریت، خیر وشر۔
ذَا	ذی وقار، ذیشان۔
بَنِیْنَ	ابنائے جامعہ، ابن الوقت۔
تُتْلٰی	تلاوت، وحی متلو۔
عَلَیْهِ	علیحدہ، علی العموم۔
اٰیٰتُنَا	آیت، آیات قرآنی۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ۔
الْاَوَّلِیْنَ	اوّلین فرصت، اوّل انعام۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

سَنَسِمُهٗ [1][2]	عَلَى الْخُرْطُوْمِ [3] (16)	اِنَّا
عنقریب ضرور ہم داغ لگائیں گے اُسے	سونڈ (ناک) پر	بلاشبہ ہم

بَلَوْنٰهُمْ [4][5]	كَمَا	بَلَوْنَآ [4]	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ [6] ج
ہم نے آزمایا اُنہیں	جس طرح	ہم نے آزمایا	باغ والوں (کو)

اِذْ اَقْسَمُوْا	لَيَصْرِمُنَّهَا [7]	مُصْبِحِيْنَ [8] (17) لا
جب ان سب نے قسم کھائی	ضرور بالضرور وہ سب توڑ لیں گے اس کو	سب صبح کرنے والے

وَ	لَا يَسْتَثْنُوْنَ [9] (18)	فَطَافَ [10]	عَلَيْهَا
اور	وہ سب کوئی استثناء نہیں کر رہے تھے	تو پھر گیا	اس پر

طَآئِفٌ [11][12]	مِّنْ رَّبِّكَ [13]	وَ [14]	هُمْ	نَآئِمُوْنَ [12] (19)
ایک پھرنے والا	آپ کے رب کی طرف سے	اس حال میں کہ	وہ	سب سونے والے

فَاَصْبَحَتْ [10][6]	كَالصَّرِيْمِ (20) لا	فَتَنَادَوْا [10][15]
تو ہو گیا (وہ باغ)	کٹی ہوئی کھیتی کی طرح	پھر انہوں نے ایک دوسرے کو پکارا

مُصْبِحِيْنَ [8] (21) لا	اَنِ	اغْدُوْا	عَلٰى حَرْثِكُمْ	اِنْ
سب صبح کرنے والے	یہ کہ	تم سب صبح صبح پہنچو	اپنے کھیت پر	اگر

كُنْتُمْ	صٰرِمِيْنَ [12] (22)	فَانْطَلَقُوْا [10]	وَ [14]
ہو تم	سب پھل توڑنے والے	چنانچہ وہ سب چل پڑے	اس حال میں کہ

هُمْ	يَتَخَافَتُوْنَ [15] (23) لا	اَنْ	لَّا يَدْخُلَنَّهَا [16]
وہ	وہ آہستہ آہستہ آپس میں سب باتیں کر رہے تھے	کہ	ہرگز نہ داخل ہونے پائے اس میں

الْيَوْمَ	عَلَيْكُمْ	مِّسْكِيْنٌ [11] (24) لا	وَّغَدَوْا
آج	تم پر	کوئی مسکین	اور وہ سب صبح سویرے نکلے

عَلٰى حَرْدٍ	قٰدِرِيْنَ [12] (25)	فَلَمَّا [10]	رَاَوْهَا [17]	قَالُوْٓا
روکنے پر	سب قدرت رکھنے والے	پھر جب	اُنہوں نے دیکھا اس کو	اُنہوں نے کہا

اِنَّا	لَضَآلُّوْنَ (26) لا	بَلْ	نَحْنُ	مَحْرُوْمُوْنَ (27)
بلاشبہ ہم	یقیناً سب راستہ بھولنے والے	بلکہ	ہم	سب محروم کیے جانے والے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. سَ مستقبل قریب کے لیے ہوتا ہے اور ترجمہ عنقریب ضرور کیا جاتا ہے۔
2. ہٗ یا ہٖ اگر فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔
3. یعنی ہم اسے خوب رسوا کریں گے۔
4. نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔
5. هُمْ یا هِمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔
6. علامت ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
7. فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔
8. اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔
9. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
10. شروع میں فَ کا ترجمہ پس کبھی تو کبھی پھر اور کبھی سو یا چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔
11. اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔
12. فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔
13. كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے
14. وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی حالانکہ یا جبکہ بھی ترجمہ کیا جاتا ہے۔
15. اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کسی کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔
16. فعل کے آخر نّ تاکید کی علامت ہے۔
17. وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ﴿16﴾	عنقریب ہم اسے (اسکی) سونڈ (ناک) پر داغ لگائینگے۔ ﴿16﴾
اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَاۤ	بلاشبہ ہم نے انہیں آزمایا جس طرح ہم نے آزمایا
اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا	باغ والوں کو جب انہوں نے قسمیں کھائیں
لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ﴿17﴾	ضرور بالضرور وہ اس (کے پھل) کو صبح کرتے ہی توڑ لینگے ﴿17﴾
وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿18﴾	اور وہ کوئی استثنا نہیں کر رہے تھے۔ ﴿18﴾
فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ	تو اس (باغ) پر ایک پھرنے والا (عذاب) پھر گیا
مِّنْ رَّبِّكَ	آپ کے رب کی طرف سے
وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿19﴾	اس حال میں کہ وہ سوئے ہوئے تھے۔ ﴿19﴾
فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿20﴾	تو (وہ باغ) کٹی ہوئی کھیتی کی طرح ہوگیا۔ ﴿20﴾
فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿21﴾	پھر انہوں نے صبح کرتے ہی ایک دوسرے کو پکارا ﴿21﴾
اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ	کہ صبح صبح اپنے کھیت پر پہنچو
اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ﴿22﴾	اگر تم پھل توڑنے والے ہو۔ ﴿22﴾
فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ	چنانچہ وہ چل پڑے اس حال میں کہ وہ
يَتَخَافَتُوْنَ ﴿23﴾	آپس میں آہستہ آہستہ باتیں کر رہے تھے۔ ﴿23﴾
اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ	کہ آج اس (باغ) میں ہرگز نہ داخل ہونے پائے
عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿24﴾ وَّغَدَوْا	تم پر کوئی مسکین۔ ﴿24﴾ اور وہ صبح سویرے نکلے
عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿25﴾	(یہ سمجھ کر کہ مسکینوں کو) روکنے پر قدرت رکھنے والے ہیں ﴿25﴾
فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْۤا	پھر جب انہوں نے دیکھا اس (باغ) کو انہوں نے کہا
اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿26﴾	بلاشبہ یقیناً ہم راستہ بھولے ہوئے ہیں۔ ﴿26﴾
بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿27﴾	بلکہ ہم محروم (بے نصیب) ہوگئے ہیں۔ ﴿27﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

عَلٰى	علی الاعلان، علی العموم۔
بَلَوْنٰهُمْ	بلاء، ابتلاء، آزمائش، مبتلا۔
كَمَا	کماحقہ، کالعدم/ماحول، ماجرا
اَصْحٰبَ	اصحابِ صفہ، اصحاب بدر۔
الْجَنَّةِ	جنت، جنت الفردوس۔
اَقْسَمُوْا	قسم کھانا، قسمیں۔
مُصْبِحِيْنَ	صبح، علی الصبح، صبح صادق۔
وَ	لیل ونہار، شان وشوکت۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
يَسْتَثْنُوْنَ	استثنا، مستثنیٰ، استثنائی صورت
فَطَافَ	طواف، مطاف۔
طَآئِفٌ	طواف، مطاف۔
مِّنْ	منجانب، من حیث القوم۔
رَّبِّكَ	رب، ربوبیت، مربی۔
كَالصَّرِيْمِ	کماحقہ، کالعدم۔
فَتَنَادَوْا	نداء، منادی، ندائے ملت۔
مُصْبِحِيْنَ	صبح، علی الصبح، صبح صادق۔
عَلٰى	علی ھذا القیاس، علی الاعلان۔
لَّا	لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
يَدْخُلَنَّهَا	داخل، دخول، مداخلت۔
الْيَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت۔
عَلَيْكُمْ	علیحدہ، علی الاعلان۔
مِّسْكِيْنٌ	مسکین، مساکین۔
قٰدِرِيْنَ	قدرت، قادر، قدیر۔
رَاَوْهَا	رویت ہلال کمیٹی۔
قَالُوْۤا	قول، اقوال، مقولہ۔
لَضَآلُّوْنَ	ضلالت وگمراہی۔
بَلْ	بلکہ۔
مَحْرُوْمُوْنَ	محروم، محرومی۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

قَالَ	اَوْسَطُهُمْ [1]	اَ	لَمْ اَقُلْ	لَّكُمْ [2]
کہا	ان میں سے بہتر نے	کیا	میں نے نہ کہا تھا	تم سے

لَوْلَا [3]	تُسَبِّحُوْنَ (28)	قَالُوْا	سُبْحٰنَ
کیوں نہیں	تم سب تسبیح کرتے	اُنہوں نے کہا	پاکی ہے

رَبِّنَآ [4]	اِنَّا [5]	كُنَّا [6]	ظٰلِمِيْنَ [7] (29)
ہمارے رب (کی)	بے شک ہم	ہم تھے	سب ظلم کرنے والے

فَاَقْبَلَ [8]	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	يَّتَلَاوَمُوْنَ [9] (30)
پھر متوجہ ہوا	اُن (میں سے) بعض	بعض پر	وہ سب آپس میں ملامت کر رہے تھے

قَالُوْا	يٰوَيْلَنَآ	اِنَّا [5]	كُنَّا [6]	طٰغِيْنَ (31)
اُنہوں نے کہا	ہائے ہماری ہلاکت	بیشک ہم	ہم (ہی) تھے	سب سرکشی کرنے والے

عَسٰى	رَبُّنَآ [4]	اَنْ	يُّبْدِلَنَا [4]	خَيْرًا
اُمید ہے	ہمارا رب	یہ کہ	وہ بدلے میں دے ہمیں	بہتر

مِّنْهَآ	اِنَّآ [5]	اِلٰى رَبِّنَا [4]	رٰغِبُوْنَ [7] (32)
اس سے	بیشک ہم	اپنے رب کی طرف	سب رغبت کرنے والے

كَذٰلِكَ [10]	الْعَذَابُ ط	وَ	لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ [11]	اَكْبَرُ م [12]
اسی طرح	عذاب (ہوتا ہے)	اور	یقیناً آخرت کا عذاب	بہت بڑا

وقف لازم

لَوْ	كَانُوْا	يَعْلَمُوْنَ ع (33)	اِنَّ	لِلْمُتَّقِيْنَ
کاش	سب ہوتے	وہ سب جانتے	بیشک	پرہیز گاروں کے لیے

ع 1 33 3

عِنْدَ رَبِّهِمْ	جَنّٰتِ النَّعِيْمِ [11] (34)	اَفَنَجْعَلُ	الْمُسْلِمِيْنَ
ان کے رب کے ہاں	نعمت کے باغات	تو کیا ہم کر دیں گے	فرمانبرداروں کو

كَالْمُجْرِمِيْنَ [10] ط (35)	مَا	لَكُمْ [13] وقفة	كَيْفَ	تَحْكُمُوْنَ ج (36)
مجرموں کی طرح	کیا ہے	تم کو	کیسے	تم سب فیصلے کرتے ہو

اَمْ	لَكُمْ [13]	كِتٰبٌ [14]	فِيْهِ	تَدْرُسُوْنَ لا (37)
کیا	تمہارے لیے	کوئی کتاب (ہے)	اس میں	تم سب پڑھتے ہو

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 قَالَ اَوْسَطُهُمْ کا ایک ترجمہ اُن میں سے درمیانے نے کہا بھی کیا جاتا ہے۔

2 جب قَالَ يَقُوْلُ کے بعد لِ یا لَ آئے تو اس کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔

3 لَوْلَا کے بعد اگر فعل ہو تو اس کا ترجمہ کیوں نہیں ورنہ اگر نہ ترجمہ کیا جاتا ہے۔

4 نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہمارے، ہماری یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمیں ہوتا ہے

5 اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون حذف ہو گیا ہے

6 كُنَّا دراصل كُوْنْنَا تھا قاعدے کے مطابق واؤ کو گرا کر نون کو نون میں مدغم کیا گیا ہے۔

7 فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

8 لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس کبھی تو کبھی پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔

9 اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

10 اسم کے شروع میں علامت كَ میں تشبیہ کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔

11 ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

12 اسم کے شروع میں "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

13 لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو گیا ہے اور اسم کے شروع میں لِ یا لَ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

14 اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

آیات	ترجمہ
قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ	ان میں سے بہتر نے کہا کیا میں نے کہا نہیں تھا
لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿28﴾	تم سے (کہ) تم تسبیح کیوں نہیں کرتے؟ ﴿28﴾
قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ	انہوں نے کہا ہمارا رب پاک ہے
اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿29﴾	بے شک ہم ہی ظالم تھے۔ ﴿29﴾
فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ	پھر ان کا بعض بعض پر متوجہ ہوا
يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿30﴾	آپس میں ملامت کرتے ہوئے ﴿30﴾
قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ	انہوں نے کہا: ہائے ہماری ہلاکت!
اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿31﴾	بے شک ہم ہی سرکشی کرنے والے تھے۔ ﴿31﴾
عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا	امید ہے کہ ہمارا رب ہمیں بدلے میں دے
خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ	اس سے بہتر، بیشک ہم
اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿32﴾	اپنے رب کی طرف رغبت کرنے والے ہیں۔ ﴿32﴾
كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ	اسی طرح عذاب (ہوتا) ہے
وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ (وقف لازم)	اور یقیناً آخرت کا عذاب (اس سے) بہت بڑا ہے
لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿33﴾ ع (1/33/3)	کاش وہ جانتے ہوتے۔ ﴿33﴾
اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ	بیشک پرہیز گاروں کے لیے ان کے رب کے ہاں
جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿34﴾ اَفَنَجْعَلُ	نعمت کے باغات ہیں۔ ﴿34﴾ تو کیا ہم کردیں گے
الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ؕ ﴿35﴾	فرمانبرداروں کو مجرموں کی طرح؟ ﴿35﴾
مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿36﴾ ج	تمہیں کیا ہے تم کیسے فیصلے کرتے ہو؟ ﴿36﴾
اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ	کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے
فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿37﴾ لا	جس میں تم (یہ) پڑھتے ہو؟ ﴿37﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- قَالَ: قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
- اَوْسَطُهُمْ: اوسط، وسط، متوسط۔
- لَا: لاتعداد، لاعلاج، لامحدود۔
- تُسَبِّحُوْنَ: تسبیح، تسبیحات۔
- قَالُوْا: قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
- سُبْحٰنَ: سبحان تیری قدرت۔
- ظٰلِمِيْنَ: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
- بَعْضُهُمْ: بعض اوقات، بعض لوگ۔
- عَلٰى: علی الاعلان، علی العموم۔
- يَّتَلَاوَمُوْنَ: ملامت کرنا۔
- قَالُوْا: قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
- طٰغِيْنَ: طاغوت، طغیانی، طاغوتی۔
- يُّبْدِلَنَا: بدلہ، نعم البدل، متبادل۔
- خَيْرًا: خیر، خیریت۔
- مِّنْهَا: منجانب، من حیث القوم۔
- اِلٰى: مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔
- رٰغِبُوْنَ: راغب، رغبت، بے رغبتی۔
- كَذٰلِكَ: کالعدم، کماحقہ۔
- الْعَذَابُ: عذاب۔
- اَكْبَرُ: کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔
- يَعْلَمُوْنَ: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- لِلْمُتَّقِيْنَ: الحمدللہ/ تقویٰ، متقی۔
- النَّعِيْمِ: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
- الْمُسْلِمِيْنَ: مسلم، مسلمین، اسلام۔
- كَالْمُجْرِمِيْنَ: کالعدم/ جرم، مجرم۔
- تَحْكُمُوْنَ: حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔
- كِتٰبٌ: کتاب، کاتب، کتابت۔
- فِيْهِ: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
- لَمَا: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
- تَدْرُسُوْنَ: درس و تدریس، مدرسہ۔

اِنَّ	لَكُمْ [1]	فِيْهِ	لَمَا	تَخَيَّرُوْنَ [2] (38) ج
بے شک	تمہارے لیے	اس میں	یقیناً جو	تم سب پسند کروگے

اَمْ	لَكُمْ [3]	اَيْمَانٌ [4]	عَلَيْنَا [5]	بَالِغَةٌ [6]
یا	تمہارے پاس	کوئی قسمیں	ہمارے ذمے	پہنچنے والی

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ [6] لا	اِنَّ	لَكُمْ [1]	لَمَا	تَحْكُمُوْنَ (39) ج
قیامت کے دن تک	بیشک	تمہارے لیے	یقیناً جو	تم سب فیصلہ کروگے

[10] فَ کا ترجمہ پس، تو اور پھر کیا جاتا ہے۔

[11] علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[12] لَكَ میں لَ اصل میں لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔

[13] سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ الفاظ رسول اللہ ﷺ نے ابوجہل سے فرمائے تھے پھر اللہ نے انہیں قرآن بنا کر نازل فرمادیا۔

[14] یہ دراصل لَمْ يَكُنْ تھا، تخفیف کے لیے آخر سے ن محذوف ہے۔

[15] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[16] یہاں علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

تَظُنُّ اَنۡ يُّفۡعَلَ بِهَا	وہ خیال کریں گے کہ ان سے (سختی) کی جائے گی
فَاقِرَةٌ ؕ﴿25﴾ كَلَّاۤ	کمر توڑنے والی۔﴿25﴾ ہرگز نہیں
اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۙ﴿26﴾	جب (جان) ہنسلیوں تک پہنچ جائے گی۔﴿26﴾
وَقِيۡلَ مَنۡ ٜ رَاقٍ ۙ﴿27﴾	اور کہا جائے گا کون ہے دم کرنے والا؟﴿27﴾
وَّظَنَّ اَنَّهُ الۡفِرَاقُ ۙ﴿28﴾	اور وہ یقین کرلے گا کہ بیشک یہ (وقتِ) جدائی ہے﴿28﴾
وَالۡتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۙ﴿29﴾	اور پنڈلی پنڈلی کے ساتھ لپٹ جائے گی۔﴿29﴾
اِلٰى رَبِّكَ يَوۡمَئِذِ ۨالۡمَسَاقُ ؕ﴿30﴾ ع 1 30 17	اس دن اپنے رب ہی کی طرف (تجھے) چلنا ہے۔﴿30﴾
فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ۙ﴿31﴾	تو نہ اس نے (کلام اللہ کو) سچ مانا اور نہ نماز پڑھی۔﴿31﴾
وَلٰكِنۡ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۙ﴿32﴾	اور لیکن اس نے جھٹلایا اور روگردانی کی۔﴿32﴾
ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهۡلِهٖ يَتَمَطّٰى ؕ﴿33﴾	پھر وہ اکڑتا ہوا اپنے گھر والوں کی طرف گیا۔﴿33﴾
اَوۡلٰى لَكَ فَاَوۡلٰى ۙ﴿34﴾	افسوس ہے تجھ پر پھر افسوس ہے۔﴿34﴾
ثُمَّ اَوۡلٰى لَكَ فَاَوۡلٰى ؕ﴿35﴾	پھر افسوس ہے تجھ پر پھر افسوس ہے۔﴿35﴾
اَيَحۡسَبُ الۡاِنۡسَانُ اَنۡ يُّتۡرَكَ	کیا انسان خیال کرتا ہے کہ وہ چھوڑ دیا جائے گا
سُدًى ؕ﴿36﴾ اَلَمۡ يَكُ نُطۡفَةً	بیکار؟ (یعنی بغیر پوچھ)۔﴿36﴾ کیا وہ ایک قطرہ نہیں تھا
مِّنۡ مَّنِيٍّ يُّمۡنٰى ۙ﴿37﴾	منی سے (جو رحم میں) ٹپکایا جاتا ہے؟۔﴿37﴾
ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ	پھر وہ جما ہوا خون ہو گیا پھر (اللہ نے) پیدا کیا
فَسَوّٰى ۙ﴿38﴾ فَجَعَلَ مِنۡهُ	پھر (اُسے) ٹھیک ٹھاک کیا۔﴿38﴾ پھر بنا دیں اس سے
الزَّوۡجَيۡنِ الذَّكَرَ وَالۡاُنۡثٰى ؕ﴿39﴾	دو قسمیں نر اور مادہ۔﴿39﴾
اَلَيۡسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى	کیا وہ اس پر قدرت رکھنے والا نہیں ہے
اَنۡ يُّحۡـىِۦَ الۡمَوۡتٰى ؑ﴿40﴾ ع 2 10 18	کہ وہ مردوں کو (دوبارہ) زندہ کردے؟﴿40﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

تَظُنُّ: ظن سوء، بدظن۔
يُفۡعَلَ: فعل، فاعل، مفعول۔
بِهَا: بالکل، بہر حال۔
بَلَغَتِ: بالغ، بلوغت، ذرائع۔
قِيۡلَ: قول، اقوال، مقولہ۔
الۡفِرَاقُ: فرق، تفریق، فراق۔
اِلٰى: مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔
الۡتَفَّتِ: لف ہذا ہے، ملفوف، لفافہ۔
يَوۡمَئِذٍ: یوم آزادی، یوم تکبیر
فَلَا: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
صَدَّقَ: صداقت، صدق، تصدیق۔
لَا: لاعلمی، لاجواب، لامتناہی
صَلّٰى: صوم وصلوٰۃ، مصلی۔
وَ: لیل ونہار، رحم وکرم۔
لٰكِنۡ: لیکن۔
كَذَّبَ: کذب، کذاب، تکذیب۔
اَهۡلِهٖ: اہل وعیال، اہل خانہ۔
يُتۡرَكَ: ترک، ترکہ، مال متروکہ۔
نُطۡفَةً: نطفہ۔
مِّنۡ: منجانب، من وعن۔
مَّنِيٍّ، يُّمۡنٰى: منی۔
فَخَلَقَ: خلق، تخلیق، خالق۔
الزَّوۡجَيۡنِ: زوجہ، زوجیت،۔
الذَّكَرَ: مذکر ومؤنث۔
الۡاُنۡثٰى: مؤنث ومذکر، تذکیر وتانیث
بِقٰدِرٍ: قدرت، قادر، قدیر۔
عَلٰى: علیحدہ، علی الاعلان۔
يُّحۡـىِۦَ: حیات، احیائے سنت۔
الۡمَوۡتٰى: موت وحیات، میت۔

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اس سورت کا ایک نام سورۃ الانسان بھی ہے صحیح مسلم میں ہے کہ آپ ﷺ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں سورۃ السجدہ پہلی رکعت میں اور سورۃ الدھر دوسری رکعت میں پڑھا کرتے تھے۔

[2] بہت سے علمائے لغت کا اتفاق ہے کہ یہاں هَلْ بمعنی قَدْ ہے اسی لیے ترجمہ بلاشبہ کیا گیا ہے۔

[3] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا ایک کیا گیا ہے۔

[4] اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے تخفیف کے لیے ایک نون محذوف ہے۔

[5] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[6] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[7] ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[8] ہٖ، ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔

[9] قرآنی کتابت میں جس الف پر گول دائرہ ہو وہ الف پڑھنے میں نہیں آتا۔

[10] کَانَ کا اصل ترجمہ تھا، ہو یا ہے بھی کیا جاتا ہے لیکن یہاں ضرورتاً ترجمہ ہوگی کیا گیا ہے۔

[11] یعنی یہ شراب برتنوں میں نہیں ہوگی بلکہ اس کا چشمہ ہوگا جو کبھی ختم نہ ہوگا۔

[12] یہ فعل واحد ہے کیونکہ اس کا تعلق عِبَادُ اللّٰهِ سے ہے جو جمع ہے اس وجہ سے ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔

[13] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

اٰیَاتُهَا: 31 | 76 سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِیَّةٌ 98 | رُكُوْعَاتُهَا: 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

هَلْ [1][2]	اَتٰی	عَلَی الْاِنْسَانِ	حِیْنٌ	مِّنَ الدَّهْرِ	
بلاشبہ	گزر چکا ہے	انسان پر	وقت	زمانے میں سے	
لَمْ یَكُنْ	شَیْـًٔا [3]	مَّذْكُوْرًا (1)	اِنَّا [4]	خَلَقْنَا [5]	
وہ نہیں تھا	کوئی چیز	قابل ذکر	بیشک ہم	ہم نے پیدا کیا	
الْاِنْسَانَ [6]	مِنْ نُّطْفَةٍ [3][7]	اَمْشَاجٍ ۖ	نَّبْتَلِیْهِ [8]		
انسان کو	ایک قطرے سے	مخلوط	(تاکہ) ہم آزمائیں اسے		
فَجَعَلْنٰهُ [8][5]	سَمِیْعًا	بَصِیْرًا (2)	اِنَّا [4]	هَدَیْنٰهُ [8][5]	
تو ہم نے بنایا اُسے	خوب سننے والا	خوب دیکھنے والا	بے شک ہم	ہم نے دکھایا اسے	
السَّبِیْلَ	اِمَّا	شَاكِرًا	وَّ	اِمَّا	كَفُوْرًا (3)
راستہ	خواہ	شکر گزار (رہے)	اور	خواہ	ناشکرا (رہے)
اِنَّآ [4]	اَعْتَدْنَا [5]	لِلْكٰفِرِیْنَ	سَلٰسِلَا۠ [9]	وَ اَغْلٰلًا	
بے شک ہم	ہم نے تیار کر رکھی ہیں	کافروں کے لیے	زنجیریں	اور طوق (جمع)	
وَّسَعِیْرًا (4)	اِنَّ	الْاَبْرَارَ	یَشْرَبُوْنَ	مِنْ كَاْسٍ	
اور بھڑکتی ہوئی آگ	بے شک	نیک لوگ	وہ سب پئیں گے	(ایسے) جام سے	
كَانَ [10]	مِزَاجُهَا	كَافُوْرًا (5) ج	عَیْنًا [11][3]	یَّشْرَبُ [12]	بِهَا [13]
ہوگی	اس میں ملاوٹ	کافور کی	ایک چشمہ	وہ پئیں گے	اس سے
عِبَادُ اللّٰهِ	یُفَجِّرُوْنَهَا	تَفْجِیْرًا (6)	یُوْفُوْنَ		
اللہ کے بندے	وہ سب بہا لے جائینگے اسے	خوب بہا لے جانا	وہ سب پوری کرتے ہیں		
بِالنَّذْرِ [13]	وَ	یَخَافُوْنَ	یَوْمًا	كَانَ	شَرُّهٗ
نذر کو	اور	وہ سب ڈرتے ہیں	(اس) دن سے	ہے	اس کا شر
مُسْتَطِیْرًا (7)	وَ	یُطْعِمُوْنَ	الطَّعَامَ [6]	عَلٰی حُبِّهٖ	
پھیل جانے والا	اور	وہ سب کھلاتے ہیں	کھانا	اس کی محبت پر	

اٰيَاتُهَا:31 | 76سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ 98 | رُكُوْعَاتُهَا:2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ	بلاشبہ انسان پر ایک (ایسا) وقت (بھی) گزر چکا ہے
مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا	زمانے میں سے (کہ) وہ کوئی چیز نہیں تھا
مَّذْكُوْرًا ﴿1﴾ اِنَّا خَلَقْنَا	قابل ذکر۔ ﴿1﴾ بیشک ہم نے پیدا کیا
الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ	انسان کو ایک مخلوط قطرے سے
نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ	(تاکہ) ہم اُسے آزمائیں تو ہم نے اسے بنایا
سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿2﴾	خوب سننے والا، خوب دیکھنے والا۔ ﴿2﴾
اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ	بے شک ہم نے اسے راستہ دکھایا
اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ﴿3﴾	خواہ شکر گزار (بنے) اور خواہ ناشکرا۔ ﴿3﴾
اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ	بیشک ہم نے کافروں کے لیے تیار کر رکھی ہیں
سَلٰسِلَا۟ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ﴿4﴾	زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی ہوئی آگ۔ ﴿4﴾
اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ	بیشک نیک لوگ (ایسے) جام سے پئیں گے
كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ﴿5﴾ ج	جس میں کافور کی ملاوٹ ہوگی۔ ﴿5﴾
عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا	(وہ) ایک چشمہ ہے جس سے پئیں گے
عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا	اللہ کے بندے، اسے بہالے جائیں گے
تَفْجِيْرًا ﴿6﴾	(جدھر چاہیں گے) خوب بہالے جانا۔ ﴿6﴾
يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ	وہ (اپنی) نذر کو پوری کرتے ہیں اور ڈرتے ہیں
يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ﴿7﴾	اس دن سے جس کا شر پھیل جانے والا ہے۔ ﴿7﴾
وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ	وہ اس (اللہ) کی محبت پر کھانا کھلاتے ہیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
- الْاِنْسَانِ : انسانیت، جن وانس۔
- مِّنَ : منجانب، من وعن۔
- شَيْـًٔا : شے، اشیا، عجیب شے۔
- مَّذْكُوْرًا : قابل ذکر، تذکرہ، مذکورہ۔
- خَلَقْنَا : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق
- نَّبْتَلِيْهِ : بلاء، ابتلاء، مبتلا۔
- سَمِيْعًا : سمع وبصر، آلہ سماعت۔
- بَصِيْرًا : بصر، بصارت، بصیرت۔
- هَدَيْنٰهُ : ہدایت، ہادی برحق۔
- السَّبِيْلَ : فی سبیل اللہ۔
- شَاكِرًا : شکر، شاکر، اظہار تشکر۔
- كَفُوْرًا : کفر، کافر، کفار۔
- اَعْتَدْنَا : مستعد، استعداد۔
- لِلْكٰفِرِيْنَ : کافر، کفار، کفر۔
- سَلٰسِلَا۟ : سلسلہ، تسلسل، مسلسل۔
- الْاَبْرَارَ : برّ، برّ الوالدین، ابرار۔
- يَشْرَبُوْنَ : شربت، مشروب۔
- كَاْسٍ : کاسہ گدائی۔
- مِزَاجُهَا : مزاج، امتزاج۔
- كَافُوْرًا : کافور، مشک کافور۔
- يَّشْرَبُ : شربت، مشروب۔
- عِبَادُ : عبد، عبداللہ، عبادالرحمٰن
- يُوْفُوْنَ : وفا، ایفائے عہد، وفادار۔
- بِالنَّذْرِ : نذر، نذر ونیاز، نذرانہ۔
- يَخَافُوْنَ : خوف، خائف۔
- يَوْمًا : یوم، ایام، یوم آخرت۔
- شَرُّهٗ : شر، شریر، شرارت۔
- يُطْعِمُوْنَ : طعام، دعوت طعام۔
- حُبِّهٖ : حب، حبیب، محب۔

مِسْكِيْنًا [1]	وَّيَتِيْمًا [1]	وَّ	اَسِيْرًا [1] (8)	اِنَّمَا [2]
کسی مسکین	اور کسی یتیم	اور	کسی قیدی کو	بلاشبہ صرف
نُطْعِمُكُمْ [3]	لِوَجْهِ اللّٰهِ	لَا نُرِيْدُ	مِنْكُمْ	جَزَآءً [1]
ہم کھلاتے ہیں تمہیں	اللہ کی رضا کے لیے	نہیں ہم چاہتے	تم سے	کوئی بدلہ
وَّلَا	شُكُوْرًا [1] (9)	اِنَّا [4]	نَخَافُ	مِنْ رَّبِّنَا
اور نہ	کوئی شکریہ	بیشک ہم	ہم ڈرتے ہیں	اپنے رب سے
يَوْمًا	عَبُوْسًا	قَمْطَرِيْرًا (10)	فَوَقٰىهُمُ [5]	اللّٰهُ
(اس) دن	منہ بگاڑ دینے والا	سخت (ہوگا)	تو بچالیا اُنہیں	اللہ (نے)
شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ [6]	وَ	لَقّٰىهُمْ [5]	نَضْرَةً [7]	وَّسُرُوْرًا (11) ج
اس دن کے شر (عذاب) سے	اور	عنایت فرمادی اُنہیں	تازگی	اور سرور
وَ	جَزٰىهُمْ [5]	بِمَا [8]	صَبَرُوْا	جَنَّةً [7]
اور	بدلہ دیا اُنہیں	اس وجہ سے جو	اُنہوں نے صبر کیا	جنت (کا)
وَّ	حَرِيْرًا (12) لا	مُّتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	عَلَى الْاَرَآئِكِ ج
اور	ریشم (کا)	سب تکیہ لگائے ہوئے	اس میں	تختوں پر
لَا يَرَوْنَ [9]	فِيْهَا	شَمْسًا	وَّلَا	زَمْهَرِيْرًا (13) ج
نہیں وہ سب دیکھیں گے	اس میں	سخت دھوپ	اور نہ	سخت سردی
وَدَانِيَةً [7]	عَلَيْهِمْ	ظِلٰلُهَا	وَ	ذُلِّلَتْ [10] [7]
اور جھکے ہوئے (ہوں گے)	ان پر	اس کے سائے	اور	تابع کیے جائیں گے
قُطُوْفُهَا	تَذْلِيْلًا [11] (14)	وَ	يُطَافُ	عَلَيْهِمْ
اس کے پھل	خوب تابع کیا جانا	اور	وہ پھرایا جائے گا	ان پر

بِاٰنِيَةٍ	مِّنْ فِضَّةٍ [12] [7]	وَّ	اَكْوَابٍ	كَانَتْ [7]	قَوَارِيْرَا۠ [13] (15) لا
برتنوں کو	چاندی کے	اور	آب خورے	ہوں گے	شیشے کے

قَوَارِيْرَا۠ [13]	مِنْ فِضَّةٍ [7]	قَدَّرُوْهَا [14]	تَقْدِيْرًا (16)
شیشے (بھی)	چاندی سے	اُنہوں نے ایک اندازے سے بنایا ہوگا انکو	خوب اندازہ کرکے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

[2] اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[3] کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو تمہیں کیا جاتا ہے۔

[4] اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون محذوف ہے۔

[5] هُمْ یا هِمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں اور اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[6] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ، اُس ہوتا ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، اِس بھی کردیا جاتا ہے

[7] ة اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[8] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[9] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

[10] یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

[11] یعنی جب چاہیں گے بیٹھے اور لیٹے ہی پھل توڑلیں گے کوئی زحمت نہیں کرنی پڑے گی۔

[12] یہاں مِنْ کا ترجمہ ضرورتاً کے کیا گیا ہے۔

[13] قرآنی کتابت میں جس الف پر دائرہ ہو وہ الف پڑھنے میں نہیں آتا۔

[14] وْا کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

قرء حفص بغیر الالف فی الوصل فیھما ووقف علی الاول بالالف وعلی الثانی بغیر الالف 12

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

مِسۡكِيۡنًا وَّيَتِيۡمًا وَّاَسِيۡرًا ﴿8﴾	(یا اپنی ضرورت کے باوجود) کسی مسکین، یتیم اور قیدی کو۔ ﴿8﴾
اِنَّمَا نُطۡعِمُكُمۡ	بیشک ہم تو صرف تمہیں کھلاتے ہیں
لِوَجۡهِ اللّٰهِ لَا نُرِيۡدُ مِنۡكُمۡ	اللہ کی رضا کیلیے، ہم تم سے نہیں چاہتے
جَزَآءً وَّلَا شُكُوۡرًا ﴿9﴾	کوئی بدلہ اور نہ کوئی شکریہ ﴿9﴾
اِنَّا نَخَافُ مِنۡ رَّبِّنَا	بیشک ہم اپنے رب سے ڈرتے ہیں
يَوۡمًا عَبُوۡسًا قَمۡطَرِيۡرًا ﴿10﴾	اس دن سے (جو) منہ بگاڑ دینے والا بہت سخت ہوگا۔ ﴿10﴾
فَوَقٰهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الۡيَوۡمِ	تو اللہ نے انہیں اس دن کے شر (عذاب) سے بچالیا
وَلَقّٰهُمۡ نَضۡرَةً وَّسُرُوۡرًا ﴿11﴾ وَ	اور انہیں تازگی اور خوشی عنایت فرمادی۔ ﴿11﴾ اور
جَزٰهُمۡ بِمَا صَبَرُوۡا	انہیں اس وجہ سے جو انہوں نے صبر کیا بدلہ عطا فرمادیا
جَنَّةً وَّحَرِيۡرًا ﴿12﴾	جنت (کی نعمتوں) اور ریشم (کے ملبوسات) کا۔ ﴿12﴾
مُّتَّكِـِٕيۡنَ فِيۡهَا عَلَى الۡاَرَآئِكِ	(وہ) اس میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہونگے
لَا يَرَوۡنَ فِيۡهَا شَمۡسًا	نہ اس میں سخت دھوپ دیکھیں گے
وَّلَا زَمۡهَرِيۡرًا ﴿13﴾	اور نہ سخت سردی۔ ﴿13﴾
وَدَانِيَةً عَلَيۡهِمۡ ظِلٰلُهَا	اور ان پر اس کے (درختوں کے) سائے جھکے ہوں گے
وَذُلِّلَتۡ قُطُوۡفُهَا تَذۡلِيۡلًا ﴿14﴾	اور اس کے پھل خوب جھکا کر لٹکائے گئے ہونگے ﴿14﴾
وَيُطَافُ عَلَيۡهِمۡ	اور ان پر پھرایا جائے گا
بِاٰنِيَةٍ مِّنۡ فِضَّةٍ وَّاَكۡوَابٍ	چاندی کے برتنوں اور آبخورے (یعنی جاموں) کو
كَانَتۡ قَوَارِيۡرَا۠ ﴿15﴾	(جو) شیشے کے ہوں گے۔ ﴿15﴾
قَوَارِيۡرَا۠ مِنۡ فِضَّةٍ	شیشے بھی چاندی سے (بنے ہوئے ہوں گے)
قَدَّرُوۡهَا تَقۡدِيۡرًا ﴿16﴾	انہوں نے ان کو خوب ایک اندازے سے بنایا ہوگا ﴿16﴾

قرءِ حفص بغیر الالف فی الوصل فیھما ووقف علی الاول بالالف وعلی الثانی بغیر الالف 12

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِسۡكِيۡنًا: مسکین، مسکینی۔
وَّ: صبح و شام، غربت وافلاس۔
يَتِيۡمًا: یتیم۔
اَسِيۡرًا: اسیر، اسیرانِ بدر، زلف کے اسیر۔
لِوَجۡهِ: متوجہ، علی وجہ البصیرت۔
نُرِيۡدُ: ارادہ، مرید۔
مِنۡكُمۡ: منجانب، من حیث القوم۔
جَزَآءً: جزا و سزا، جزاک اللہ۔
شُكُوۡرًا: شکر، شاکر، اظہار تشکر۔
نَخَافُ: خوف و خطر، بے خوف۔
شَرَّ: خیر و شر، شریر، شرارت۔
الۡيَوۡمِ: یوم، ایام، یوم آخرت۔
لَقّٰهُمۡ: ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
سُرُوۡرًا: سرور، مسرور۔
جَزٰهُمۡ: جزاوسزا، جزاک اللہ۔
بِمَا: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
صَبَرُوۡا: صبر، صابر، صبر جمیل۔
حَرِيۡرًا: حریر، حریر و ریشم۔
مُتَّكِـِٕيۡنَ: تکیہ۔
فِيۡهَا: فی الحال، فی الفور۔
عَلَى: علیحدہ، علی الاعلان۔
لَا: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
يَرَوۡنَ: رویت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیا۔
ظِلٰلُهَا: ظلِّ سبحانی، ظلِّ ہما۔
شَمۡسًا: شمس و قمر، شمسی توانائی۔
عَلَيۡهِمۡ: علیحدہ، علی الاعلان۔
يُطَافُ: طواف بیت اللہ، مطاف۔
مِنۡ: من وعن، اظہر من الشمس۔
قَدَّرُوۡهَا: مقدار، بقدرِ ضرورت۔
تَقۡدِيۡرًا: مقدار، تقدیر۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ	يُسْقَوْنَ [1]	فِيْهَا	كَاْسًا	كَانَ [2]	مِزَاجُهَا
اور	وہ سب پلائے جائیں گے	اس میں	جام	ہوگی	اسکی آمیزش

زَنْجَبِيْلًا ج (17)	عَيْنًا [3]	فِيْهَا	تُسَمّٰى [1]	سَلْسَبِيْلًا (18)
سونٹھ (خشک ادرک کی)	ایک چشمہ	اس میں	نام رکھا جاتا ہے	سلسبیل

وَ	يَطُوْفُ [4]	عَلَيْهِمْ	وِلْدَانٌ	مُّخَلَّدُوْنَ ج [5]
اور	وہ گھوم رہے ہوں گے	ان پر	لڑکے	سب ہمیشہ رکھے جانے والے

اِذَا	رَاَيْتَهُمْ [7] [6]	حَسِبْتَهُمْ [7] [6]	لُؤْلُؤًا	مَّنْثُوْرًا (19)
جب	تو دیکھے گا اُنہیں	تو خیال کرے گا اُنہیں	موتی	بکھرے ہوئے

وَ	اِذَا	رَاَيْتَ [6]	ثَمَّ [8]	رَاَيْتَ	نَعِيْمًا
اور	جب	تو دیکھے گا	وہاں	تو دیکھے گا	نعمت

وَّ	مُلْكًا	كَبِيْرًا (20)	عٰلِيَهُمْ	ثِيَابُ	سُنْدُسٍ
اور	سلطنت	عظیم	ان کے اوپر	کپڑے	باریک ریشم

خُضْرٌ	وَّ	اِسْتَبْرَقٌ ز	وَّ	حُلُّوْٓا [9]	اَسَاوِرَ
سبز	اور	موٹا ریشم	اور	وہ سب پہنائے جائیں گے	کنگن

مِنْ فِضَّةٍ ج [10]	وَسَقٰهُمْ [7]	رَبُّهُمْ	شَرَابًا	طَهُوْرًا (21)
چاندی سے	اور پلائے گا اُنہیں	اُن کا رب	مشروب	پاکیزہ

اِنَّ هٰذَا	كَانَ	لَكُمْ	جَزَآءً	وَّ	كَانَ	سَعْيُكُمْ [11]
بے شک یہ	ہے	تمہارے لیے	بدلہ	اور	ہے	تمہاری کوشش

مَّشْكُوْرًا ع (22)	اِنَّا	نَحْنُ [12]	نَزَّلْنَا [13]	عَلَيْكَ	الْقُرْاٰنَ
قابل قدر	بے شک ہم	ہم	ہم نے اُتارا	آپ پر	قرآن

ع 1/22/19

تَنْزِيْلًا ج (23)	فَاصْبِرْ	لِحُكْمِ رَبِّكَ [14]	وَ	لَا تُطِعْ [15]
(تھوڑا تھوڑا کرکے) اُتارنا	پس آپ صبر کیجیے	اپنے رب کے فیصلے تک	اور	مت آپ کہا مانیں

مِنْهُمْ	اٰثِمًا [3]	اَوْ	كَفُوْرًا ج (24)	وَ	اذْكُرِ	اسْمَ
ان میں سے	کسی گناہ گار	یا	کسی بہت ناشکرا	اور	آپ یاد کیجیے	نام

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. یُ، تو پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیاجاتا ہے یا کیاجائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔
2. کَانَ کا اصل ترجمہ تھا، ہوا، ہے بھی کیا جاتا ہے لیکن یہاں ضرورتاً ترجمہ ہوگی کیا گیا ہے۔
3. ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔
4. یَطُوْفُ فعل واحد ہے اس کا ترجمہ جمع میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔
5. وہ لڑکے ہی رہیں گے بوڑھے نہیں ہوں گے یعنی ان کا حسن وجمال قائم رہے گا۔
6. اِذَا کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً مستقبل میں کیا جاتا ہے
7. هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں یا ان کو کیاجاتا ہے۔
8. ثُمَّ کا ترجمہ پھر ہوتا ہے اور ثَمَّ کا ترجمہ وہاں کیاجاتا ہے۔
9. یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔
10. ۃ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
11. کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے کیا جاتا ہے۔
12. نَحْنُ بات میں مزید تاکید کیلیے آیا ہے۔
13. نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔
14. یہاں لِ کا ترجمہ تک ضرورتاً کیا گیا ہے، یعنی عنقریب آپ کو کفار سے جہاد کا حکم دیا جائے گا تو جب تک یہ حکم نہ آجائے آپ ان کی ایذارسانیوں پر صبر کریں۔
15. لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں واحد کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا	اور وہ اس میں (ایسا) جام پلائے جائیں گے
كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ۚ ﴿17﴾	(کہ) جس میں سونٹھ کی آمیزش ہو گی۔ ﴿17﴾
عَيْنًا فِيْهَا	اس (جنت) میں (مشروب زنجبیل کا) ایک چشمہ ہے
تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿18﴾	اس کا نام سلسبیل رکھا جاتا ہے۔ ﴿18﴾
وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ	اور ان پر (ایسے) لڑکے گھوم رہے ہوں گے
مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ	(جو) ہمیشہ (لڑکے ہی) رہیں گے، جب تو انہیں دیکھے گا
حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿19﴾	تو انہیں بکھرے ہوئے موتی خیال کرے گا۔ ﴿19﴾
وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ	اور جب تو وہاں دیکھے گا (تو) تو دیکھے گا
نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ﴿20﴾	نعمت (ہی نعمت) اور عظیم (الشان) سلطنت۔ ﴿20﴾
عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ	ان (کے بدنوں) پر باریک ریشم کے سبز کپڑے ہونگے
وَّاِسْتَبْرَقٌ ۡ وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ	اور موٹا ریشم ہو گا اور وہ کنگن پہنائے جائیں گے
مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ	چاندی کے، اور اُنہیں ان کا رب پلائے گا
شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿21﴾	پاکیزہ مشروب۔ ﴿21﴾
اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً	بے شک یہ تمہارے لیے بدلہ ہے
ع 22 19 وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿22﴾	اور تمہاری کوشش قابل قدر ہے۔ ﴿22﴾
اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ	بے شک ہم نے ہی آپ پر اُتارا ہے
الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ۚ ﴿23﴾	(یہ) قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارنا۔ ﴿23﴾
فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ	پس آپ اپنے رب کے فیصلے تک صبر کیجیے
وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا	اور مت کہا مانیں ان میں سے کسی گناہ گار
اَوْ كَفُوْرًا ۚ ﴿24﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ	یا کسی بہت ناشکرے کا۔ ﴿24﴾ اور یاد کیجیے نام

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- وَ: شان وشوکت، رحم وکرم۔
- يُسْقَوْنَ: ساقی کوثر۔
- فِيْهَا: فی الحال، فی الفور۔
- كَاْسًا: کاسہ گدائی۔
- مِزَاجُهَا: مزاج، امتزاج۔
- تُسَمّٰى: اسم بامسمی، اجل مسمی۔
- يَطُوْفُ: طواف بیت اللہ، مطاف۔
- عَلَيْهِمْ: علیحدہ، علی الاعلان۔
- وِلْدَانٌ: ولد، ولدیت، اولاد۔
- مُّخَلَّدُوْنَ: خالد، خلد بریں۔
- رَاَيْتَهُمْ: رویت ہلال، مرئی اشیاء۔
- حَسِبْتَهُمْ: حسب حال۔
- مَّنْثُوْرًا: نظم ونثر۔
- نَعِيْمًا: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
- مُلْكًا: ملک، مالک، ملکیت۔
- كَبِيْرًا: گناہ کبیرہ، صغیر وکبیر۔
- خُضْرٌ: گنبد خضراء۔
- سَقٰىهُمْ: ساقی کوثر۔
- شَرَابًا: شربت، مشروب۔
- طَهُوْرًا: طاہر، طہارت۔
- هٰذَا: لہٰذا، مسجد ہذا۔
- جَزَآءً: جزاوسزا، جزاک اللہ۔
- سَعْيُكُمْ: سعی کرنا، سعی لاحاصل۔
- مَّشْكُوْرًا: شکر، شاکر، اظہار تشکر۔
- تَنْزِيْلًا: نازل، نزول، تنزیل۔
- فَاصْبِرْ: صبر، صابر، صبر جمیل۔
- لِحُكْمِ: حکم، حاکم، محکوم۔
- تُطِعْ: اطاعت، مطیع۔
- كَفُوْرًا: کفران نعمت۔
- اذْكُرِ: ذکر، اذکار، تذکرہ۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

رَبِّكَ [1]	بُكْرَةً [2]	وَّاَصِيْلًا (25)	وَمِنَ الَّيْلِ [3]	فَاسْجُدْ [4]
اپنے رب کا	صبح	اور شام	اور رات میں	پس آپ سجدہ کیجیے

لَهٗ	وَسَبِّحْهُ	لَيْلًا طَوِيْلًا (26)	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ
اس کو	اور تسبیح کیجیے اس کی	لمبی رات	بلاشبہ	یہ (لوگ)

يُحِبُّوْنَ	الْعَاجِلَةَ [2]	وَيَذَرُوْنَ	وَرَآءَهُمْ [5]
وہ سب پسند کرتے ہیں	جلد ملنے والی (دنیا کو)	اور وہ سب چھوڑ دیتے ہیں	اپنے پیچھے

يَوْمًا ثَقِيْلًا [6] (27)	نَحْنُ	خَلَقْنٰهُمْ [5][7]	وَشَدَدْنَآ [7]
بھاری دن	ہم	ہم نے پیدا کیا انہیں	اور ہم نے مضبوط بنائے

اَسْرَهُمْ ج [5]	وَاِذَا	شِئْنَا [8]	بَدَّلْنَآ [8]	اَمْثَالَهُمْ [5]
ان کے جوڑ	اور جب	ہم چاہیں گے	ہم بدل کر لے آئیں گے	ان جیسے

تَبْدِيْلًا (28)	اِنَّ هٰذِهٖ	تَذْكِرَةٌ ج [9][2]	فَمَنْ شَآءَ [4]	اتَّخَذَ
تبدیل (کرکے)	بیشک یہ	ایک نصیحت (ہے)	تو جو چاہے	اختیار کرلے

اِلٰى رَبِّهٖ	سَبِيْلًا (29)	وَمَا	تَشَآءُوْنَ	اِلَّآ اَنْ
اپنے رب کی طرف	راستہ	اور نہیں	تم سب چاہ سکتے	مگر یہ کہ

يَّشَآءَ	اللّٰهُ ط	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ [10]	عَلِيْمًا [11]
وہ چاہے	اللہ	بیشک اللہ	ہے	خوب جاننے والا

حَكِيْمًا [11] (30) صلے	يُّدْخِلُ	مَنْ يَّشَآءُ	فِيْ رَحْمَتِهٖ ط
بہت حکمت والا	وہ داخل کرتا	جسے وہ چاہتا ہے	اپنی رحمت میں

وَالظّٰلِمِيْنَ [12]	اَعَدَّ	لَهُمْ	عَذَابًا اَلِيْمًا [11] (31) ع
اور سب ظلم کرنے والے	اس نے تیار کر رکھا ہے	ان کے لیے	دردناک عذاب

ع 2 9 20

اٰيَاتُهَا: 50 — 77 سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ 33 — رُكُوْعَاتُهَا: 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْمُرْسَلٰتِ [13][14][2]	عُرْفًا [15] لا (1)	فَالْعٰصِفٰتِ [4][2]	عَصْفًا لا (2)
قسم ہے بھیجی جانیوالی (ہواؤں کی)	متواتر	پھر تیز و تند چلنے والی ہواؤں کی	خوب تند (ہوکر)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔

[2] ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[3] یہاں مِنْ کا ترجمہ میں ضرورتاً ہوا ہے۔

[4] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو کبھی پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔

[5] هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔

[6] بھاری دن سے مراد قیامت کا دن ہے اسکی کی سختیوں اور ہولناکیوں کی وجہ سے اُسے بھاری کہا گیا ہے یعنی یہ لوگ اسکی تیاری نہیں کرتے اُس کی پروا نہیں کرتے

[7] فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[8] اِذَا کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً مستقبل میں کیا جاتا ہے۔

[9] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

[10] كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہو اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[11] فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[12] فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[13] وَ کا ترجمہ قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[14] شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[15] اکثر مفسرین نے اَلْمُرْسَلٰتِ سے مراد ہوائیں لی ہیں بعض نے اس سے مراد بھیجے ہوئے فرشتے بھی لیے ہیں اور عُرْفًا کا ترجمہ "اچھے احکام دے کر" کیا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۚ ﴿25﴾	اپنے رب کا صبح اور شام۔ ﴿25﴾
وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ	اور رات (کے کچھ حصے) میں پس اس کو سجدہ کیجیے
وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿26﴾	اور لمبی رات تک اس کی تسبیح کیجیے۔ ﴿26﴾
اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ	بلاشبہ یہ لوگ جلد ملنے والی (دنیا) کو پسند کرتے ہیں
وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿27﴾	اور اپنے پیچھے بھاری دن (قیامت) کو چھوڑے دیتے ہیں ﴿27﴾
نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ	ہم نے ہی انہیں پیدا کیا اور ہم نے مضبوط کیے
اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا	ان کے جوڑ، اور جب ہم چاہیں گے
بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿28﴾	ان جیسے (اور لوگوں کو) ہم تبدیل کر کے لے آئینگے ﴿28﴾
اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ	بیشک یہ ایک نصیحت ہے تو جو چاہے
اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿29﴾	اپنے رب کی طرف (جانے کا) راستہ اختیار کرلے۔ ﴿29﴾
وَمَا تَشَآءُوْنَ	اور تم (کچھ بھی) نہیں چاہ سکتے
اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ	مگر یہ کہ (جو) اللہ چاہے
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۖ ﴿30﴾	بیشک اللہ خوب جاننے والا بہت حکمت والا ہے ﴿30﴾
يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ	وہ اپنی رحمت میں جسے چاہتا ہے داخل کرتا ہے
وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ	اور ظالم لوگ، اس نے ان کیلیے تیار کر رکھا ہے
عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿31﴾ ع	دردناک عذاب۔ ﴿31﴾

ع 2 9 20

اٰیَاتُهَا: 50 — 77 سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ 33 — رُكُوْعَاتُهَا: 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۙ ﴿1﴾	متواتر بھیجی جانے والی (ہواؤں) کی قسم ہے۔ ﴿1﴾
فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۙ ﴿2﴾	پھر طوفان بن کر تیز و تند چلنے والی ہواؤں کی ﴿2﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

رَبِّكَ: رب، ربوبیت۔
مِنَ: منجانب، من حیث القوم۔
الَّيْلِ: لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
فَاسْجُدْ: سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
سَبِّحْهُ: تسبیح، تسبیحات۔
طَوِيْلًا: طویل، طوالت۔
يُحِبُّوْنَ: حب رسول، حبیب، محب۔
الْعَاجِلَةَ: عجلت، مہر معجّل۔
وَرَآءَ: ماورائے آئین۔
يَوْمًا: یوم آزادی، یوم تکبیر۔
ثَقِيْلًا: ثقیل، کشش ثقل۔
خَلَقْنٰهُمْ: خلق، تخلیق، خالق۔
شَدَدْنَآ: شدید، شدت، مشدد۔
شِئْنَا: ماشاءاللہ، مشیت۔
بَدَّلْنَا: تغیر وتبدل، تبدیلی۔
اَمْثَالَهُمْ: مثل، امثال، تمثیل۔
تَبْدِيْلًا: تبدیلی، تغیر وتبدل۔
هٰذِهٖ: حامل رقعہ ہٰذا، لہٰذا، ہٰذا۔
تَذْكِرَةٌ: ذکر، اذکار، تذکرہ۔
اتَّخَذَ: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
اِلٰى: مرسل الیہ، مکتوب الیہ۔
سَبِيْلًا: فی سبیل اللہ۔
اِلَّآ: الاماشاءاللہ، الا قلیل۔
عَلِيْمًا: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
حَكِيْمًا: حکیم، حکمت، حکما۔
يُدْخِلُ: داخل، دخول، مداخلت۔
رَحْمَتِهٖ: رحمت، رحیم، رحمٰن۔
اَعَدَّ: مستعد، استعداد۔
اَلِيْمًا: المناک حادثہ، رنج والم۔
الْمُرْسَلٰتِ: ارسال، ترسیل۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَّالنّٰشِرٰتِ [1]	نَشْرًا ۙ (3)	فَالْفٰرِقٰتِ [1][2]	فَرْقًا ۙ (4)
اور (وہ بادلوں کو) پھیلانے والی ہیں	خوب پھیلانا	پھر (وہ بادلوں کو) پھاڑنے والی (ہیں)	جُدا جُدا (کرکے)

فَالْمُلْقِیٰتِ [4][1][3][2]	ذِكْرًا ۙ (5)	عُذْرًا	اَوْ	نُذْرًا ۙ (6)
پھر (جو دلوں میں) ڈالنے والی	یاد (الٰہی)	عذر (دور کرنے)	یا	ڈر سنانے (کے لیے)

اِنَّمَا [5]	تُوْعَدُوْنَ [6]	لَوَاقِعٌ [7] ؕ (7)	فَاِذَا [2]
بے شک جو	تم سب وعدہ دیے جاتے ہو	(وہ) ضرور واقع ہونے والا (ہے)	پس جب

النُّجُوْمُ	طُمِسَتْ [1][8] ۙ (8)	وَاِذَا	السَّمَآءُ	فُرِجَتْ [1][8] ۙ (9)
ستارے	مٹادیے جائیں گے	اور جب	آسمان	پھاڑ دیا جائے گا

وَاِذَا	الْجِبَالُ	نُسِفَتْ [1][8] ۙ (10)	وَاِذَا	الرُّسُلُ
اور جب	پہاڑ	اُڑادیے جائیں گے	اور جب	رسولوں کو

اُقِّتَتْ [9][1][8] ؕ (11)	لِاَیِّ یَوْمٍ	اُجِّلَتْ [1][8] ؕ (12)	لِیَوْمِ الْفَصْلِ ۚ (13)
وقت مقررہ پر لایا جائے گا	کس دن کیلئے	(ان امور کو) مؤخر کیا گیا	فیصلے کے دن کیلئے

وَ	مَآ اَدْرٰىكَ	مَا	یَوْمُ الْفَصْلِ ؕ (14)	وَیْلٌ
اور	آپ کیا جانیں	کیا (ہے)	فیصلے کا دن	ہلاکت (ہے)

یَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِیْنَ [3][10] (15)	اَلَمْ	نُهْلِكِ [11]	الْاَوَّلِیْنَ ؕ (16)
اس دن	سب جھٹلانے والوں کے لیے	کیا نہیں	ہم نے ہلاک کردیا	پہلے لوگوں (کو)

ثُمَّ	نُتْبِعُهُمُ	الْاٰخِرِیْنَ (17)	كَذٰلِكَ	نَفْعَلُ
پھر	ہم پیچھے بھیجتے رہتے ہیں ان کے	دوسروں کو	اسی طرح	ہم کرتے ہیں

بِالْمُجْرِمِیْنَ (18)	وَیْلٌ	یَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِیْنَ [3][10] (19)	اَلَمْ
مجرموں کے ساتھ	ہلاکت (ہے)	اس دن	جھٹلانے والوں کے لیے	کیا نہیں

نَخْلُقْكُّمْ [11][12]	مِّنْ مَّآءٍ [13]	مَّهِیْنٍ ۙ (20)	فَجَعَلْنٰهُ [14][2]
ہم نے پیدا کیا تمہیں	ایک پانی سے	حقیر	پھر ہم نے کردیا اسے

فِیْ قَرَارٍ [13]	مَّكِیْنٍ [15] ۙ (21)	اِلٰی قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ [16][13] ۙ (22)	فَقَدَرْنَا ۖ [14][2]
ایک ٹھکانے میں	محفوظ	ایک معیّن وقت تک	پھر ہم نے اندازہ لگایا

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] ات اور تُ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[2] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو کبھی پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔

[3] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[4] فَالْمُلْقِیٰتِ کا ایک ترجمہ پھر وحی لانے والے فرشتوں کی قسم بھی کیا جاتا ہے۔

[5] عموماً اِنَّ کیساتھ مَا زائد ہوتا ہے اور ترجمہ بیشک صرف کیا جاتا ہے لیکن یہاں مَا زائد نہیں ہے بلکہ اس کا ترجمہ جو ہے۔

[6] علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائیگا کا مفہوم ہوتا ہے

[7] لَ شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

[8] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے لیکن اِذَا کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً مستقبل میں کیا جاتا ہے۔

[9] اُقِّتَتْ دراصل وُقِّتَتْ تھا، قرآنی کتابت میں "و" کو "ا" سے بدلا گیا ہے۔

[10] یعنی پیغمبر فیصلے کیلئے اپنی اپنی امتوں کو لیکر اللہ تعالیٰ کے حضور باری باری حاضر ہونگے۔

[11] علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً ماضی میں کیا جاتا ہے۔

[12] کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔

[13] اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

[14] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[15] محفوظ ٹھکانے سے مراد رحم مادر ہے۔

[16] معین اور مقررہ وقت سے مراد مدتِ حمل ہے، نو ماہ کم یا زیادہ۔

وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۙ﴿3﴾	اور (وہ بادلوں کو) خوب پھیلا دینے والی ہیں۔﴿3﴾
فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۙ﴿4﴾	پھر (بادلوں کو) پھاڑ کر جدا جدا کر دینے والی ہیں۔﴿4﴾
فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۙ﴿5﴾	پھر (دلوں میں) یاد (الٰہی) کو ڈالنے والی ہے۔﴿5﴾
عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۙ﴿6﴾ اِنَّمَا	عذر (دور کرنے) یا ڈر سنانے کیلیے۔﴿6﴾ بیشک جو
تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ؕ﴿7﴾	تم وعدہ دیے جاتے ہو ضرور واقع ہونیوالا ہے﴿7﴾
فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۙ﴿8﴾	پس جب ستارے مٹا دیے جائیں گے۔﴿8﴾
وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ۙ﴿9﴾	اور جب آسمان پھاڑ دیا جائے گا۔﴿9﴾
وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۙ﴿10﴾	اور جب پہاڑ اُڑا دیے جائیں گے۔﴿10﴾
وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ؕ﴿11﴾	اور جب رسولوں کو وقت مقررہ پر لایا جائے گا﴿11﴾
لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ؕ﴿12﴾	(بھلا) کس دن کے لیے (ان امور کو) موخر کیا گیا﴿12﴾
لِيَوْمِ الْفَصْلِ ۚ﴿13﴾	فیصلے کے دن کے لیے۔﴿13﴾
وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ؕ﴿14﴾	اور آپ کیا جانیں (کہ) فیصلے کا دن کیا ہے؟﴿14﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ﴿15﴾	اس دن جھٹلانے والوں کیلیے ہلاکت ہے۔﴿15﴾
اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ؕ﴿16﴾	کیا ہم نے پہلے لوگوں کو ہلاک نہیں کر دیا؟﴿16﴾
ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ﴿17﴾	پھر ان کے پیچھے ہم پچھلوں کو بھیجتے رہتے ہیں۔﴿17﴾
كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ﴿18﴾	ہم مجرموں کے ساتھ اسی طرح کرتے ہیں۔﴿18﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ﴿19﴾	اس دن جھٹلانے والوں کیلیے ہلاکت ہے۔﴿19﴾
اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۙ﴿20﴾	کیا ہم نے تمہیں ایک حقیر پانی سے پیدا نہیں کیا؟﴿20﴾
فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۙ﴿21﴾	پھر ہم نے اسے ایک محفوظ ٹھکانے میں رکھا۔﴿21﴾
اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۙ﴿22﴾ فَقَدَرْنَا ۖ	ایک معیّن وقت تک۔﴿22﴾ پھر ہم نے اندازہ مقرر کیا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- وَ: لیل ونہار، رحم وکرم۔
- النّٰشِرٰتِ: ناشر، منشور، نشرواشاعت۔
- فَالْفٰرِقٰتِ: فرق، فرقہ، فریق۔
- فَالْمُلْقِيٰتِ: اِلقاء کرنا۔
- ذِكْرًا: ذکر، اذکار، تذکرہ۔
- عُذْرًا: عذر، معذور، معذرت۔
- اِنَّمَا: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
- تُوْعَدُوْنَ: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
- لَوَاقِعٌ: واقع، وقوع پذیر، وقائع نگار
- النُّجُوْمُ: نجم، علم نجوم، نجومی۔
- السَّمَآءُ: کتب سماویہ، ارض وسما۔
- الْجِبَالُ: جبل اُحد، جبل رحمت۔
- لِاَيِّ: الحمدللہ، لہٰذا۔
- يَوْمٍ: یوم، ایام، یوم آخرت۔
- اُجِّلَتْ: اجل، مہر موجل۔
- الْفَصْلِ: فیصلہ، فیصل، فیصلے کا دن۔
- لِّلْمُكَذِّبِيْنَ: کذب، کذاب، تکذیب۔
- نُهْلِكِ: ہلاک، مہلک، ہلاکت۔
- الْاَوَّلِيْنَ: اوّل وآخر، اولین فرصت۔
- نُتْبِعُهُمْ: اتباع، متبع سنت، تابع۔
- الْاٰخِرِيْنَ: اول وآخر، آخری۔
- كَذٰلِكَ: کماحقہ، کالعدم۔
- نَخْلُقْكُّمْ: خالق، تخلیق۔
- مَّآءٍ: ماءالحیات، ماءاللحم۔
- مَّهِيْنٍ: اہانت، توہین۔
- فِيْ: فی الحال، فی الفور۔
- قَرَارٍ: قرار گاہ، مستقر۔
- مَّكِيْنٍ: مکین، مکان۔
- اِلٰى: مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔
- قَدَرٍ: مقدار، بقدرِ ضرورت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

فَنِعْمَ [1]	الْقٰدِرُوْنَ [2] (23)	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ [3] (24)
تو اچھا	اندازہ کرنے والے	ہلاکت (ہے)	اس دن	جھٹلانے والوں کیلئے

اَلَمْ	نَجْعَلِ [4]	الْاَرْضَ	كِفَاتًا (25) لا	اَحْيَآءً
کیا نہیں	ہم نے بنایا	زمین کو	سمیٹنے والی (گودام کی طرح)	زندوں

وَّ	اَمْوَاتًا (26) لا	وَّ	جَعَلْنَا [5]	فِيْهَا	رَوَاسِيَ
اور	مُردوں کو	اور	ہم نے بنائے	اس میں	پہاڑ (جمع)

شٰمِخٰتٍ [6]	وَّ	اَسْقَيْنٰكُمْ [7] [5]	مَّآءً	فُرَاتًا (27) ط
بلند	اور	ہم نے پلایا تمہیں	پانی	میٹھا

وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ [3] (28)	اِنْطَلِقُوْٓا [8]
ہلاکت (ہے)	اس دن	جھٹلانے والوں کے لیے	تم سب چلو

اِلٰى مَا	كُنْتُمْ	بِهٖ [9]	تُكَذِّبُوْنَ (29) ج	اِنْطَلِقُوْٓا [8]
(اس کی) طرف جو	تھے تم	اس کو	تم سب جھٹلاتے	تم سب چلو

اِلٰى ظِلٍّ	ذِىْ ثَلٰثِ شُعَبٍ (30) لا	لَّا ظَلِيْلٍ	وَّلَا
سائے کی طرف	تین شاخوں والے	نہ سایہ (ٹھنڈک) دینے والا	اور نہ

يُغْنِىْ	مِنَ اللَّهَبِ (31) ط	اِنَّهَا	تَرْمِىْ [10]	بِشَرَرٍ [9]
وہ فائدہ دے گا	شعلے سے	بیشک وہ	پھینکے گی	چنگاریوں کو

كَالْقَصْرِ [11] (32) ج	كَاَنَّهٗ	جِمٰلَتٌ [12]	صُفْرٌ (33) ط	وَيْلٌ
محل جیسی	گویا کہ وہ	اُونٹ (ہوں)	زرد	ہلاکت (ہے)

يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ [3] (34)	هٰذَا	يَوْمُ	لَا يَنْطِقُوْنَ [13] (35) لا
اس دن	جھٹلانے والوں کیلئے	یہ	(ایسا) دن	وہ بول نہ سکیں گے

وَلَا	يُؤْذَنُ [14] [15]	لَهُمْ [16]	فَيَعْتَذِرُوْنَ [17] (36)
اور نہ	اجازت دی جائے گی	ان کو	کہ وہ سب عذر پیش کریں

وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ [3] (37)	هٰذَا	يَوْمُ الْفَصْلِ ج
ہلاکت (ہے)	اس دن	جھٹلانے والوں کے لیے	یہ	فیصلے کا دن (ہے)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو کبھی پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔
2. یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
3. اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔
4. علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً ماضی میں کیا جاتا ہے۔
5. نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔
6. اٰت جمع مؤنث کی علامت ہے۔
7. كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔
8. فعل کے شروع میں اِ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
9. بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔
10. ت مؤنث کی علامت الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
11. كَ لفظ کے شروع میں تشبیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔
12. یہ دراصل جِمَالَةٌ ہے ۃ کو قرآنی کتابت میں کہیں کہیں ت کیساتھ لکھا گیا ہے یہ جَمَلٌ کی جمع ہے جیسے حَجَرٌ کی جمع حِجَارَةٌ ہے۔
13. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
14. اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔
15. یہاں یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
16. لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لِ سے لَ ہو جاتا ہے۔
17. یہاں فَ کا ترجمہ کہ ضرورتاً کیا گیا ہے۔

فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿23﴾	تو (ہم) اچھا اندازہ مقرر کرنے والے ہیں۔ ﴿23﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿24﴾	اس دن جھٹلانے والوں کیلیے ہلاکت ہے۔ ﴿24﴾
اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ﴿25﴾	کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا؟ ﴿25﴾
اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا ﴿26﴾	زندوں اور مردوں (سب) کو۔ ﴿26﴾
وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ	اور ہم نے اس میں بلند پہاڑ بنائے
وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ﴿27﴾	اور ہم نے تمہیں میٹھا پانی پلایا۔ ﴿27﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿28﴾	اس دن جھٹلانے والوں کیلیے ہلاکت ہے۔ ﴿28﴾
اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى	(کہا جائے گا) چلو اس کی طرف
مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿29﴾	جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ ﴿29﴾
اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ	تم چلو (اس دھوئیں دار) سائے کی طرف
ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿30﴾ لَّا ظَلِيْلٍ	(جو) تین شاخوں والا ہے۔ ﴿30﴾ نہ سایہ دینے والا ہے
وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ﴿31﴾	اور نہ شعلے (کی تپش) سے فائدہ دیتا ہے۔ ﴿31﴾
اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿32﴾	بیشک وہ (جہنم) محل جیسی چنگاریوں کو پھینکے گی ﴿32﴾
كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿33﴾	گویا کہ وہ (چنگاریاں) زرد اُونٹ ہیں۔ ﴿33﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿34﴾	اس دن جھٹلانے والوں کیلیے ہلاکت ہے۔ ﴿34﴾
هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿35﴾	یہ (ایسا) دن ہے (کہ) نہ وہ بول سکیں گے۔ ﴿35﴾
وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ	اور نہ ان کو اجازت دی جائے گی
فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿36﴾	کہ وہ عذر پیش کریں۔ ﴿36﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿37﴾	اس دن جھٹلانے والوں کیلیے ہلاکت ہے۔ ﴿37﴾
هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ	یہ فیصلے کا دن ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

فَنِعْمَ	نعم البدل۔
الْقٰدِرُوْنَ	تقدیر، قضاوقدر، مقدر۔
يَوْمَئِذٍ	یوم، ایام، یوم آخرت۔
لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	کذب، کاذب، تکذیب۔
الْاَرْضَ	ارض وسما، قطعہ اراضی۔
اَحْيَآءً	حیات، احیائے سنت۔
وَّ	لیل ونہار، رحم وکرم۔
اَمْوَاتًا	موت، اموات، میت۔
فِيْهَا	فی الحال، فی الفور۔
اَسْقَيْنٰكُمْ	ساقی، ساقی کوثر۔
مَّآءً	ماء الحیات، ماء اللحم۔
اِلٰى	مرسل الیہ، الداعی الی الخیر
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا۔
ظِلٍّ، ظَلِيْلٍ	ظل، ہما، ظل سبحانی۔
ذِيْ	ذیشان، ذی وقار۔
ثَلٰثِ	ثلث، مثلث، تثلیث
مِنَ	منجانب، من وعن۔
كَالْقَصْرِ	کماحقہ، کالعدم/قصرِ سلطانی
صُفْرٌ	صفرا، صفراوی طبعیت۔
هٰذَا	حامل رقعہ ہذا، الہذا۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب
يَنْطِقُوْنَ	حیوان ناطق، منطق، نطق
يُؤْذَنُ	اذن عام۔
فَيَعْتَذِرُوْنَ	معذرت، اعتذار۔
هٰذَا	حامل رقعہ ہذا، الہذا۔
يَوْمُ	یوم، ایام، یوم آخرت۔
الْفَصْلِ	فیصلہ، فیصل، فیصلے کا دن۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

جَمَعْنٰكُمْ [1][2]	وَ	الْاَوَّلِيْنَ (38)	فَاِنْ [3]	كَانَ [4]
ہم نے جمع کر دیا ہے تمہیں	اور	پہلے لوگوں کو	تو اگر	ہے

لَكُمْ [5]	كَيْدٌ [6]	فَكِيْدُوْنِ [3][7] (39)	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ
تمہارے لیے	کوئی داؤ	تو تم سب داؤ کر لو مجھ سے	ہلاکت (ہے)	اس دن

ع 1 40 21

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ [8] (40) ع	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ ظِلٰلٍ
جھٹلانے والوں کے لیے	بے شک	سب متقی لوگ	سایوں میں

وَّ	عُيُوْنٍ (41) لا	وَّ	فَوَاكِهَ	مِمَّا [9]
اور	چشموں میں (ہوں گے)	اور	پھل (جمع)	جس سے

يَشْتَهُوْنَ (42) ط	كُلُوْا	وَ	اشْرَبُوْا [10]	هَنِيْٓـئًا
وہ سب چاہیں گے	تم سب کھاؤ	اور	تم سب پیو	مزے سے

بِمَا [11]	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ (43)	اِنَّا [12]	كَذٰلِكَ [13]
(اس) کے بدلے جو	تم تھے	تم سب عمل کرتے	بیشک ہم	اسی طرح

نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ [8] (44)	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ
ہم بدلہ دیتے ہیں	سب نیکی کرنے والوں کو	ہلاکت (ہے)	اس دن

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ [8] (45)	كُلُوْا	وَ	تَمَتَّعُوْا	قَلِيْلًا
جھٹلانے والوں کے لیے	تم سب کھالو	اور	تم سب فائدہ اُٹھالو	تھوڑا

اِنَّكُمْ	مُّجْرِمُوْنَ (46)	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ
بلاشبہ تم	سب مجرم (ہو)	ہلاکت (ہے)	اس دن

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ [8] (47)	وَ	اِذَا	قِيْلَ [14]	لَهُمُ [5]
جھٹلانے والوں کے لیے	اور	جب	کہا جاتا ہے	ان سے

ارْكَعُوْا [10]	لَا يَرْكَعُوْنَ [15] (48)	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ
تم سب جھک جاؤ	(تو) وہ سب نہیں جھکتے	ہلاکت (ہے)	اس دن

ع 2 10 22

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ [8] (49)	فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ [3]	بَعْدَهٗ	يُؤْمِنُوْنَ (50) ع
جھٹلانے والوں کے لیے	پھر کس بات پر	اس کے بعد	وہ سب ایمان لائیں گے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔
2. كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے ۔
3. لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو کبھی پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔
4. كَانَ کا ترجمہ کبھی ہے کبھی تھا کبھی ہو کیا جاتا ہے۔
5. لَكُمْ اور لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلیے لِ سے لَ ہو جاتا ہے
6. ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی یا ایک کیا گیا ہے۔
7. یہ دراصل فَكِيْدُوْنِيْ تھا تخفیف کے لیے یْ محذوف ہے فعل اور یْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے یہ وہی نون ہے۔
8. اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔
9. مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔
10. فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
11. بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔
12. اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون محذوف ہے۔
13. كَ لفظ کے شروع میں تشبیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔
14. قِيْلَ دراصل قُوِلَ تھا قرآنی گرامر کے قاعدے کے مطابق قِيْلَ ہوا ہے۔
15. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

جَمَعْنٰكُمْ وَالْاَوَّلِيْنَ ﴿38﴾	ہم نے تمہیں اور پہلے لوگوں کو جمع کر دیا ہے۔ ﴿38﴾
فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ	تو اگر تمہارے پاس کوئی داؤ ہے
فَكِيْدُوْنِ ﴿39﴾	تو مجھ سے داؤ کر لو۔ ﴿39﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿40﴾ ع (ع 1 40 21)	اس دن جھٹلانے والوں کیلیے ہلاکت ہے۔ ﴿40﴾
اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ	بے شک متقی لوگ
فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿41﴾ لا	سایوں اور (بہتے) چشموں میں ہوں گے۔ ﴿41﴾
وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿42﴾ ط	اور پھلوں (میں سے) جس (قسم) سے وہ چاہیں گے ﴿42﴾
كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا	(کہا جائے گا) تم مزے سے کھاؤ اور پیو
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿43﴾	اس کے بدلے جو تم عمل کرتے تھے۔ ﴿43﴾
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي	بیشک ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿44﴾	نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿44﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿45﴾	اس دن جھٹلانے والوں کیلیے ہلاکت ہے۔ ﴿45﴾
كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا	(اے جھٹلانے والو) تم (دنیا میں) کھالو اور تھوڑا سا فائدہ اٹھالو
اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿46﴾	بلاشبہ تم مجرم ہو۔ ﴿46﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿47﴾	اس دن جھٹلانے والوں کیلیے ہلاکت ہے۔ ﴿47﴾
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا	اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جھک جاؤ
لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿48﴾	(تو) وہ نہیں جھکتے۔ ﴿48﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿49﴾	اس دن جھٹلانے والوں کیلیے ہلاکت ہے۔ ﴿49﴾
فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ	پھر کس بات پر
بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿50﴾ ع (ع 2 10 22)	اس کے بعد وہ ایمان لائیں گے؟ ﴿50﴾ ع

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

جَمَعْنٰكُمْ : جمع، اجتماع، مجمع۔
الْاَوَّلِيْنَ : اول و آخر، اولین فرصت۔
يَوْمَئِذٍ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
لِّلْمُكَذِّبِيْنَ : کذب، کاذب، تکذیب۔
الْمُتَّقِيْنَ : متقی، تقویٰ۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور۔
ظِلٰلٍ : ظلِ سبحانی، ظلِ ہما۔
وَّ : لیل و نہار، رحم و کرم۔
مِمَّا : منجانب، من و عن / ماحول
يَشْتَهُوْنَ : اشتہاء، شہوت۔
كُلُوْا : اکل و شرب، ماکولات۔
اشْرَبُوْا : شربت، مشروب۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
تَعْمَلُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم۔
نَجْزِي : جزا و سزا، جزائے خیر۔
الْمُحْسِنِيْنَ : حسن، محسن، احسان۔
تَمَتَّعُوْا : متاع عزیز، متاع کارواں
قَلِيْلًا : قلت و کثرت، قلیل۔
مُّجْرِمُوْنَ : جرم، مجرم، جرائم۔
قِيْلَ : قول، اقوال، مقولہ۔
ارْكَعُوْا : رکوع و سجود۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
لِّلْمُكَذِّبِيْنَ : کذب، کاذب، تکذیب۔
حَدِيْثٍۭ : حدیث دل، احادیث۔
بَعْدَهٗ : بعد از نماز عشا، بعد از طعام
يُؤْمِنُوْنَ : امن ایمان، مومن۔

تعارف و مقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے، جس کا اظہار اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے: ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ (القمر:17)

اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنادیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اس کے متعلق اس تاثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے۔ تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے۔

جس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔
2 قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔
3 قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔
4 قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔
5 قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا۔
6 گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔
7 قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔
8 انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔(www.bait-ul-quran.org)
9 پاور پوائنٹ سلائیڈز کے ذریعے قرآن فہمی کو آسان بنانا۔(الحمدللہ مکمل قرآن کریم تیار ہے، اساتذہ کرام اسے حاصل کرسکتے ہیں۔)
10 عامۃ المسلمین کو اَحکامِ الٰہی کے مطابق اپنے نبی محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت و محبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور اس کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس عظیم کارِ خیر میں شریک ہوسکتے ہیں، جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں "بیت القرآن" کا منفرد اور آسان ترجمہ "مصباح القرآن" اور "تجویدی قاعدہ" متعارف کروائیں، اسے مفت تقسیم فرمائیں اور اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے اَصحابِ خیر ہر ممکن تعاون فرمائیں، جزاکم اللہ خیراً۔

الداعی الی الخیر: "بیت القرآن" (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان